نغمۂ پنجم

نغماتِ امیر

مرتبہ و مصنفہ

حکیم سید امیر جیلانی شاہ امیر خلف الرشید حضرت پیر سید

غلام جیلانی شاہ صوفی قادری فاضلی قدس اللہ سرہٗ و خلد مکانہٗ

ساکن

چک نمبر ۱۰۷ ۔ نہر فتح ۔ ڈاک خانہ چک نمبر ۸ نہر فتح تحصیل چشتیاں شریف

ملنے کا پتہ :۔ ۱۔ محبوب عالم منیجر حفیظ کتب خانہ ۔ ٹامر بک ڈپو ۔ اردو با

۲۔ کتاب ہاؤس ۔ کوٹ کلاں ۔ تحصیل سم

۳۔ ڈاکٹر نور محمد خانپوری ۔ نزد ٹھنڈا کنو

حسب فرمائش

سائیں صوفی حاجی کر

نغمۂ پنجم

نغماتِ امیر

مرتبہ و مصنفہ

حکیم سید امیر جیلانی شاہ امیر خلف الرشید حضرت پیر سید
غلام جیلانی شاہ صوفی قادری فاضلی قدس اللہ سرہٗ و خلد مکانہٗ

ساکن

چک نمبر ۱۰۷ ۔ نہر فتح ۔ ڈاک خانہ چک نمبر ۸۴ نہر فتح ۔ تحصیل چشتیاں شریف ۔ بہاولپور

ملنے کا پتہ :- ۱۔ محبوب عالم مینجر حفیظ کتب خانہ ۔ ٹائمز بک ڈپو ۔ اردو بازار ۔ لاہور
۲۔ کتاب ہاؤس ۔ کوٹ کلاں ۔ تحصیل سمندری ۔ ضلع لائل پور
۳۔ ڈاکٹر نور محمد خانپوری ۔ نزد ٹھنڈا کنواں ۔ ریلوے بازار ۔ ٹوبہ ٹیک سنگھ

حسب فرمائش

سائیں صوفی حاجی کریم اللہ صاحب ۔ لاہور

قیمت ۲ روپے

زباں پہ خداوند کا ذکر لانا　　ہے نغمہ یہی اور یہی ہے ترانا
حبیب خدا کب جدا ہے خدا سے　　محمد کا ہے نام کیسا سہانا!
ہے مرشد کو ہم نے وسیلہ بنایا　　سکھایا ہے ساز اس نے دل کا بجانا
اسی بربط دل سے نغموں کو چھیڑا
ہے یہ جذبۂ بے خودی والہانہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

التجا بہ پیش پیشوائے پیشوا

اے کہ تو ارفع ز پرواز خیال — کاملاں را از تو شد حاصل کمال
داد تسکیں روئے پاک تو شہا! — کہ تو ہستی پیشوائے پیشوا!
قبلۂ ما او و تو قبلۂ او — زیں جہت من کہ روم وز جستجو
بشنوم از اندرونِ دل ندا — بر شہِ ذی جاہ ہرگاہ شو فدا
نذر کن دل را بہ نذر محی الدین — آں امام و پیشوائے کاملیں
پیر ما عالی نسب والا صفات — او کہ دارد دسترس در ممکنات
چونکہ او اولاد پیرِ دستگیر — صاحبِ دل ہست آں روشن ضمیر
آں شہنشاہ پورِ عبدالقادر است — آقا و مولا و بندہ پرور است
در بٹالہ بود آں ہادیٔ دیں! — ہست در لاہور او مسکن گزیں
پیر خانہ مرکزِ انوار است — پیر عالی قافلہ سالار است
جمع گردند طالبان و عاشقاں — آمدند پروانہ ساں زندہ دلاں
یافتند زیں جا حیاتِ نو بہ نو — حاضرِ دربار شو غمگیں مشو
اے دل پژمردہ آ در گلستاں — تا حیاتِ تازہ مے آئی بہ جاں

نغمهٔ پنجم — مرتبه و مصنفه حکیم سید امیر جیلانی شاہ

قبلهٔ حاجات اے کعبهٔ ما — سوئے مسکیں یک نظر بهرِ خدا
حاضرم بر در به صد عجز و نیاز — من گدائم تو شهِ مسکیں نواز
تاب گویائی نه دارم چونکه من — یک فسرده روح دارم در بدن
یک پندارم سگِ کوئے توام — بادیه گرد ره سوئے توام
گرچه من دیوانه ام فرزانه ام — که به درگاهِ تو من مستانه ام
مست کن مارا تو اے مست عظیم — فضل کن بهرِ خدا تو بر سقیم
من سقیم و بندهٔ سهو و خطا — تو کریم و صاحبِ مهر و عطا
بهرِ غوثِ پاک رضحضرت دست گیر — دست گیر عاصیاں تو دست گیر
بے نوا و خستهٔ کوئے توام — یک نظر محتاج را ابرِ کرم
تو کریم و صاحبِ علم و حکم — چه کنم توصیفِ تو شاها رقم
گو سزاوارے نه ام من جودِ بیت — بهرِ جدِّ پاک کن تو رحمت
بهرِ فاضل شاه مرا سیراب کن — ذرّهٔ ناچیز را مهتاب کن
من نه دانم که خزف یا گوهرم — بندهٔ درگاهِ تو هستم منم
بر گیاهِ خشک یک نظرِ کرم — بنجرے هستم توئی بحرِ کرم
جوش کن بحرِ کرم یک بارگی — دور کن از طبعِ ما آوارگی
گشتم آلوده ز میلانِ اَمل — پاک کن مارا ازیں جهل و دغل
من پریشان خاطر و آواره ام — هائے و هو میکنم بے چاره ام

تو بہ فریاد آ و دستِ من بگیر! کن نوازش اے نوازندہ امیر
تو شہنشاہے امیرے رہبرے ایں غریبے بے نصیبے گم رہے
خوش نصیبم یافتم دربارِ تو داشتم امید از سرکارِ تو
من ز دنیائے دُنی آزردہ ام زیں حیات و زندگی افسردہ ام
خضرِ راہ تو دِہ مرا آبِ حیات مردہ ام، دِہ زندگی محکم صفات
گشتہ ام حیراں ز آشوبِ جہاں دِہ مرا زیں فتنہ و شرہا اماں
اے کشودِ رازِ سربستہ علوم اے مکمل صاحبِ جملہ فہوم
اے علیم سرِّ مکنون ابد اے شناسائے ازل نورِ احد
اے کہ ذاتِ تست فخرِ صوفیاء اے کہ جانِ تست جانِ اولیا
بخش چیزے ایں مریدِ فاقہ مست ایں غریبے داد در دستِ تو دست
یک نظر بر ایں کمینہ کن کریم واسطۂ صاحبِ خلقِ عظیم
کاسۂ ما پر کن از فہم و ذکا، تشنہ کامے را بدہ چند قطرہ ہا
ناخدائے طالبانِ قادری یاوری کن، یاوری کن، یاوری
دہ مرا تسکینِ قلب عالی جناب دفع کن یا پیر از ما اضطراب
آمدم با تو بہ ایں سوزِ دروں موجِ مضطر را توئی بحرِ سکوں

کامراں کن در دو عالم ایں امیر
بدرت شاہا جبیں شاید فقیر

جواب الجواب بہ طرف پیرِ اعلیٰ

حضرت سیّد بدر محی الدین شاہ

چوں کرم نامہ ز درگاہ مے رسد — ایں عندلیبے را تسلی مے دہد

گرچہ من ناکارہ و نادار ام — من بہ یادِ پاک آں دلدار ام

چوں کہ پیرِ ما بہ من داری نظر — در مسرت زندگی کردم بسر

پیرِ ما صورت گرِ تقدیرِ ما! — کر رضائے پاک او تدبیرِ ما!

چونکہ دادم دست من در دستِ چست — شد یدُ اللہ فَوقَ اَیدِیھِم درست

دست پیرِ ما بود دستِ خدا — پیرِ کامل از خدا کے شد جُدا

چوں کہ حق آمد بہ دل باطل گذشت — کہ ز انوار آمدن ظلمات رفت

نفس غلبہ کرد و چوں کرد و خراب — شیخ کامل دفع کرد اضطراب

شیشۂ دل را تصور داد رنگ — دور باشد زو تمامی میل و زنگ

از تصور یوسفؑ آمد در پناہ — کردہ باشد چوں بہ یعقوبؑ نگاہ

مکرِ زن آنجا نہ بودے کامیاب — صورت مرشد چوں آئی در حساب

ایں زنِ فرتوت ثرادہِ مرید — پر ہوس دنیائے فانی پلید

در فریب آئند جملہ ابلہاں — لیک محفوظ اند زیں دانشوراں

بیش ہا از خواہشاتِ فاسدہ — آرزوہائے خراب و کاسدہ
دل ازاں ہامے شود تاریک و تنگ — ہست در پہلوئے من دل عار و ننگ
ننگِ ایماں عارِ دیں را چہ کنم — بر درِ مرشد من ایں ساماں برم
سنگ خارا بودم و گوہر شوم — ذرۂ خاک ہستم و جوہر شوم
مرشد کامل چوں کردم اختیار — من بہ صید معرفت کردم شکار
ہرگہ بودے محتسب شام و پگاہ — کردہ او اعمال خود اندر نگاہ
پیر را داند محافظ پاسباں — مے شود او و سرِ حق را رازداں
بیش ہا گرداب باشند در جہاں — وابتلا ہا اندر زیر آسماں!
بحرِ غم بحرِ الم بحرِ حزیں — کلہم مر را ہلاکت آفریں
چوں سفینہ را نہ باشد ناخدا — غرق گردد درمیان قعر ہا
ہست زیں آفات محفوظ آں نفر — دارد او را پیرِ کامل در نظر
چوں کہ او در کامل استمزاج اند — کاملاں را ناقصاں محتاج اند
نقص ہا را کاملاں کردند دور — صحبتِ شاں کرد مرا ذی شعور
اے مبارک آں خنک روزے مرا — کہ سپردِ پیر کردم خویش را
پیر ما باید کہ فخرِ روزگار — سرِ پنہانی بہ ما گردد آشکار!
سایہ گسترِ ذاتِ پیر اندر جہاں — درگہ او بہر ما دارالاماں
من بہ ایں دارالاماں چوں آمدم — در بہشت عنبریں سائم قدم

چوں بہ آں دہلیز من سائم جبیں
بشنوم دل را کہ فریادی چنیں

اے خوشا بختے کہ ایں دربار تو
شد پناہِ بیکساں سرکارِ تو

پشت ہا در پشت تو باشد ولی
یافتی تو در وراثت راہبری

رہبری پیشہ تو از اجداد ہا
از طفیل آں بزرگاں اے شہا

ایں حقیرے از نقائص پاک کن
وز خباثت طبع را بے باک کن

دفع کن اسقام ہائے ظاہری
دور کن امراض ہائے باطنی

اے سخی تو تنگ دستی دور کن
اے ولی دل را تو پر از نور کن

تنگ دستی آید از تنگئ دل
کرد ایں تنگی طبع را مضمحل

بر کرم ہائے تو بسیار است فخر
تو شہنشاہ است اے سرتاج فقر

بہ نواز از جرعۂ آں ارمغاں
آنچہ مارا کرد فارغ از غماں

تکیہ دارم نام تو اندر جہاں
تا کہ برخیزم ز افتادِ زماں

بہ رس آشفتہ دلاں اے دستگیر
تو کہ باشی دست گیر بے نظیر

از تردد ہا مرا بیروں بیار
ایں تردد سم تر از زہر مار

سمِ ماراں سم تنہا جان اند
و ایں تردد سمہائے ایماں اند

ذات تو چوں حافظ ایمان است
مشکلِ ما ہرچہ باد آسان است

مرشدا تو پورِ آں مشکل کشا
فاتحِ خیبر! علی شیرِ خدا

نامِ او اعلیٰ علیؓ ناصرؓ
بر مدد ہائے غریباں قادرؓ

آں علیؓ کہ بود جانِ مصطفیٰؐ — گوہرِ تاباں زکانِ مصطفیٰؐ
مصطفیٰؐ فرمود آں روحِ من است — جسم و دم و لحم بیشک از من است
چوں نبیؐ فرمودہ ایں جانِ حق — پیشِ عالم کردہ اعلانِ حق را
ظلِّ کامل بود آں کامل ولی — او نبیؐ و او بُوَد ظلِّ نبیؐ
نورِ کامل رحمۃً للعالمین — زیں سبب سایہ نہ دارد بر زمین
فاطمہ زہرا است سایۂ نبیؐ — یا علی المرتضیٰ کامل ولی!
نورِ عینینِ نبیؐ حسنؑ و حسینؑ — ہر دو باشند آں نبیؐ را ظلِّ عین
نذرِ محی الدین ظہورِ پنج تن — مرشدِ ما نورِ پنج تن
در شعورِ ناقص من آیدت — ہر ولی ظلّ نبوت باید ت
تو ولی ابنِ ولی ابنِ ولی — سلسلہ ایں مے رساند تا علیؓ
چوں بگفتم مدحِ تو یا سیدی — من بہ حق گویم تو ظلِّ احمدیؐ
از فقیراں بہ گریزند ابلہاں — ایں نمے دانند کیں شاہنشہاں
گو ز سلطانی تہی ساماں شوند — پر گدایاں را شہنشاہاں کنند
محو باشند چونکہ در ذاتِ الٰہ — حکم ایشاں ہست چوں حکمِ خدا
پیرِ دانا آں براہیم ادھم — کرد خود را فارغ او از بیم و غم
دست بردارد ز سلطانی چناں — او حکومت کردہ باشد بر دلاں
آہنی سوزن ز دستِ او فتاد — حکم بہ آوردن او چوں نہاد

ماہیان آب باشند غوطہ زن
بودند آں ہا در تلاش او مگن

جملۂ مخلوق در حکمِ ولی
تابع شد، کرد او شاہنشہی

گریز از دنیوی شاہنشہاں
طالبِ مرداراند ایں گودکاں

آں شہ دیں پیر کامل بے نظیر
در سلاسل ہائے او تو شو اسیر

تا ترا بخشد او دولت سرمدی
تو بر آں درگاہ خاکِ در شوی

تو اگر باشی عند یبے د حقیر
رشتۂ محکم ترکنی با آں امیر

عریضۂ مکرر بہ جناب پیر اعلےٰ

اے شہنشاہ ہادیٔ دیں از غلام
صد نیاز و صد مصافحہ صد سلام

عرض بگزارم بہ صد عجز و نیاز
گو تو ہستی از غلاماں بے نیاز

پر غلاماں را بہ جز تو شہ نہٗ
جز درِ تو دیگرے در گہ نہٗ

در گہِ مرشد برائے سالکاں
مثلِ فردوسِ بریں اندر جہاں

چونکہ شعلہ ریز شد نار جحیم
نیست راحت جز درِ مرشد کریم

اے کہ ذات تو کشودِ کارِ ما
جملہ علت ہائے ما را تو دوا

مقصدِ دل را بر آور دست گیر
دست گیر اہست تو روشن ضمیر

من چہ گویم این چنیں و آں چناں ‌ ‌ ‌ زانکہ بر تو حالِ من روشن عیاں
من تہی سامانم از علم و عمل ‌ ‌ ‌ دامنم پُر ہست از جہل و غل
زیں جہل برگشتہ خاطر در جہاں ‌ ‌ ‌ زیر دامانِ تو من جوئم اماں
کرد مارا جملۂ طاغوت تنگ ‌ ‌ ‌ اے شہنشاہ از غریباں چہ درنگ
تو بہ آں دربار داری دسترس ‌ ‌ ‌ آنکہ دارد در درِ حق دست رس
گرچہ عبدالقادر او خود قادر است ‌ ‌ ‌ در تصرف ہائے قدرت نادر است
ذی وقار است آں شہ پرہیزگار ‌ ‌ ‌ روزِ پیدائش کہ باید روزہ دار
روز اوّل خلق را راہبر شود ‌ ‌ ‌ راہنمائے اوّل و آخر شود
ز ابتدا تا انتہا آں پیشوا ‌ ‌ ‌ آں مکمل مظہرِ نورِ خدا
آں شہِ ابرار و مخبر اتقیاء ‌ ‌ ‌ غوث الاعظم نیّرِ رُشد و ہُدیٰ
پیرِ ما تو ہر آں پیرانِ پیر ‌ ‌ ‌ دستِ من محتاج را محکم بگیر
گو بہ قعرِ بحرِ غم غرقاب ام ‌ ‌ ‌ من سگِ آں غوثیہ القاب ام
کُلُّ عُودٍ داخِلٌ السَّوْلِ شانِ او ‌ ‌ ‌ خشک کردد بحر را فرمانِ او
کوہ آفات و مصائب بر سرم ‌ ‌ ‌ زیرِ بارِ کوہ مالیدہ شدم
زانکہ دُقَّتْ وَاخْتَفَتْ فرمودہ ‌ ‌ ‌ بر سرِ ما ہر لمحہ موجودہ
از جبالِ غم نہ غم دارم ولے ‌ ‌ ‌ غوث الاعظمؓ پیرِ ما چوں رہبرے
ز آتشِ اعمالِ بد محفوظ ام ‌ ‌ ‌ من زخمدتْ وَالطفتْ محفوظ ام

پیرِ ما افسردہ کرد ایں آتشے — دارد ایں توفیق آں زندہ دلے
قوتے دارد ز اللہ پیرِ ما — قوتِ لاغوث را کرد و فنا
بے شبہ ایں قوتِ روحانیاں — زندہ کردند بانظر مردہ دلاں
چوں نہادند فوقَ میتِ سرِ خود — زندہ باید مردہ زیں سر خود بخود
زیں سبب فرمودہ افعلْ ما تشاءُ — با مریداں اسمِ عالی شد پناہ
چونکہ مرشد شد غُزُوْمٌ عِنْدَ الْقِتَالْ — خوار گردند دشمناں در ابتذال
حافظ و ناصر بود چوں پیرِ ما — من چرا اندیشم از سہو و خطا
چوں سگِ درگاہِ قادریہ شدم — من بہ شیرانِ جہاں قادر شوم
داشتند ایں شانِ ہیبت ایں سگاں — لرزہ بر اندام شیرانِ زماں
ایں قلادۂ غلامی در گلو — بہ ز شاہیٔ جہاں اے نیک خو
آنکہ دینِ فاضلی کردہ قبول — فضلِ ربّی و فضیلت شد حصول
یک نظر چوں گوشۂ چشمے کشید — زاں مریدے صد پیالہا چشید
ترسم از مرشد نگاہِ خوش نظر — تا بگذرم از جہاں وانگہ قدر
ترک کردم عالمِ ناسوت را — من ز ناسوت آمدم لاہوت را
تا کہ من آگاہ شوم از لامکاں — عالمِ قدوس را گیرم نشاں
باشم آزاد از جہانِ آب و گل — ز آب و گل کردم نہ روح را مضمحل
روح باشد طائرِ علوی مکاں — زیں سبب ایں را بلند است آشیاں

ذات مرشد روح پرور اے عزیز　　　　　مے دہد ایں روح را او فزتمیز
نذر محی الدین قطب عالمے　　　　　بر مریداں مہرباں تشنہ ہر دمے
فی زمانہ فردِ کامل او فرید　　　　　کرم گستر بود او بر ہر مرید
نذر کردم من بہ کشتِ دل براو　　　　　جز وصالِ او نہ دارم جستجو

کرد او مارا بہ یک نظرے امیر
چوں امیرے ہست آں روشن ضمیر

التجائے بینوا بردرِ پیشوا

ہزار بار جو دھوؤں گلاب سے میں دہن　　　　　تو پھر بھی بار کثافت سے کر سکوں نہ سخن
مگر بہ رشتۂ پاکیزۂ مریدی سے　　　　　اگر ہے تاب سخن، تو ملی ہے تجھ ہی سے
میں، اپنے مقصدِ ذاتی کو لب پہ لاتا ہوں　　　　　نہیں مجال مگر پھر بھی کہنا چاہتا ہوں
بڑی جناب تری فیض عام ہے تیرا (اقبال)　　　　　فرشتے پڑھتے ہیں جسکو وہ نام ہے تیرا
قبول عجز مرے اور سلام ہو جائیں　　　　　سیاہ کار پہ الطاف عام ہو جائیں
شرابِ شوق کی مستی مجھے دوام رہے　　　　　تری نگاہِ کرم ساقیا مدام رہے
ہر ایک سانس مرا ہو ندائے الا اللہ　　　　　مدام دل سے ہو جاری صدائے الا اللہ
اسی شرابِ ظہور کا دور ہو ساقی　　　　　چڑھاتے جائیں مگر لب پہ اور ہو ساقی

کمالِ عشق دے ایسا کہ انتہا ہی ہو
فنا ہو ایسی کہ دراصل وہ بقا ہی ہو

چڑھا کے رنگ مجھے رنگ صبغۃ اللہ سے
مٹا کے ہستی مری کو ملا دے اللہ سے

ترے امیر پہ جب ہو نزاع کا عالم
زبان خشک ہو آنسو سے چشم ہو پرنم

تمام سختیاں جب اپنی انتہا پر ہوں
نگاہیں لطف و کرم کی ادھر برابر ہوں

مری زبان سے ہو جاری صدائے الا اللہ
ادا لبوں سے ہو میرے ندائے الا اللہ

وہاں بھی لاج محمد کے نام رکھ لیجو
حضور! یاد مرا یہ سلام رکھ لیجو

گدائے در بادشاہ

تیرا روضہ نور بھرا ہے نوری سب دربار۔ بحرِ سخا و جود و عطا ہے تیری بڑی سرکار
یا خواجہ میں تیرا گدا ہوں جھولی بھر دے در پہ کھڑا ہوں۔ سائل ہوں اور مانگ رہا ہوں
قدموں میں اب آن گرا ہوں تو لج پال نہار۔ بحرِ سخا و جود و عطا ہے تیری بڑی سرکار
بال کھلے ہیں حال پریشاں لب پر آہیں۔ چشم ہے گریاں دل ہے مضطر چاک گریباں
آئی بھنور میں سخت ہے طوفاں نیا لگا دے پار۔ بحرِ سخا و جود و عطا ہے تیری بڑی سرکار
مجھ کو غموں نے آن ہے گھیرا۔ رنج و الم کا دل میں ہے ڈیرا تیرے سوا یاں کون ہے میرا
امیر اگر ہے تو اک تیرا بگڑی بات سنوار۔ بحرِ سخا و جود و عطا ہے تیری بڑی سرکار

آخر کب تک یونہی رہوں گا کب تک ہجر کے صدمے سہوں گا کب تک ٹھنڈی آہیں بھروں گا
جیتے جی کب تک میں مروں گا للہ بخش دیدار بحرِ سخا وجود و عطا ہے تیری بڑی سرکار
کبھی تو آ اے طبیب روحانی پوری کر دے آس پرانی دور ہوں سب مرضیں پنہانی
تو نے کیا دل میں ہے ٹھانی تڑپے ہے بیمار۔ بحرِ سخا وجود و عطا ہے تیری بڑی سرکار
اپنی رنگن کچھ تو چڑھا دے ایک نظر سے دل کو جگا دے وہموں کی کثرت کو مٹا دے
بھولا سبق پھر یاد کرا دے کھول دے سب اسرار بحرِ سخا وجود و عطا ہے تیری بڑی سرکار
چھوڑ کے میں دنیا ناسوتی۔ آملکوت میں بن جبروتی کروں طبیعت کو لاہوتی!
پاؤں صفتیں سب ہاہوتی تو ہے بخشنہار بحرِ سخا وجود و عطا ہے تیری بڑی سرکار
کر دے برہم دل کے سکوں کو توڑ دے تو اس غم کے فسوں کو اور بڑھا دے میرے جنوں کو
کر دے اشارہ کن فیکوں کو اے عالی سرکار بحرِ سخا وجود و عطا ہے تیری بڑی سرکار
یا خواجہ یا غلام جیلانی یا راہبر مرشد حقانی شیخ طریقت پیر لاثانی
آپ کے در پہ امیر جیلانی کرتا ہے عرض پکار
بحرِ سخا وجود و عطا ہے تیری بڑی سرکار

یا غلام جیلاں راہبر

یا غلام جیلاں راہبر سائل کھڑا ہے در پر
کچھ بخش واسطۂ شہ گل حسن قلندر

جو خمر آپ پی چکی ہم کو بھی وہ پلا دے
دنیا کے غم مٹا دے دکھ درد سے چھڑا دے

پیتم پریت کی سب رسمیں ہمیں سکھا دے
مخمور سب کو کر دے ہاتھوں سے جام بھر کر

یا غلام جیلاں راہبر سائل کھڑا ہے در پر
کچھ بخش واسطۂ شہ گل حسن قلندر

مے خانۂ قلندر کا تو بنا ہے ساقی
اس خمکدے میں ساقی جو رہ گئی ہے باقی

ہم کو پلا دے تاکہ دلبر سے ہوں ملاقی
تیری سخاوتوں کا جاری رہے یہ لنگر

یا غلام جیلاں راہبر سائل کھڑا ہے در پر
کچھ بخش واسطۂ شہ گل حسن قلندر

مینا و جام بھر دے سیراب ہم کو کر دے
اور بے نیاز ہم کو اے خضر راہ کر دے

چشمۂ آب حیواں سے بھر کے بے خطر دے
تیرے خادموں کا ہر گدا ہو کوئی سکندر

یا غلام جیلاں راہبر سائل کھڑا ہے در پر
کچھ بخش واسطۂ شہ گل حسن قلندر

تو ہے شہ طریقت اور معرفت کا والی
رہِ مستقیم کی ہے تعلیم تیری عالی

اور تیری سب کتابیں مضموں میں نرالی
تو نے سمو دیا ہے کوزے میں ہی سمندر

یا غلام جیلاں راہبر سائل کھڑا ہے در پر
کچھ بخش واسطۂ شہ گل حسن قلندر

در پر ترے جو آیا مقصود اس نے پایا
اخلاص سے جو آیا سب مٹ گئے خطایا

ذروں کو تو نے پل میں مہتاب ہے بنایا
جاری ہے فیضِ تیرا محشر تلک برابر
یا غلام جیلاں راہبر سائل کھڑا ہے در پہ
کچھ بخش واسطۂ شہ گل حسن قلندر

ترے ہجر نے ہے مارا کچھ دل کو دے سہارا
ہے کون اب ہمارا کردو غم غلط خدارا
ترے خادموں کا آقا چمک اٹھے پھر ستارا
زیارت کرائیں اپنی جو خواب میں ہی آکر
یا غلام جیلاں راہبر سائل کھڑا ہے در پہ
کچھ بخش واسطۂ شہ گل حسن قلندر

ہم بیقرار ہیں سب اور دلفگار ہیں سب
اور فیضِ باطنی کے امیدوار ہیں سب
ترے در پہ مل کے آئے یہ خاکسار ہیں سب
دامن ہمارے بھر دے حاضر ہوئے ہیں آکر
یا غلام جیلاں راہبر سائل کھڑا ہے در پہ
کچھ بخش واسطۂ شہ گل حسن قلندر

آباد اور قائم دائم رہے یہ گلشن
ظلمت کدۂ دنیا میں ہے ہمارا مامن
ترے فیض کا یہ مرکز تیرا یہ پاک مسکن
ملتا سکون ہے یاں اے دلنواز دلبر
یا غلام جیلاں راہبر سائل کھڑا ہے در پہ
کچھ بخش واسطۂ شہ گل حسن قلندر

تیرے امیر کی سب فریاد ہے تجھی تک
قصۂ دردوغم کی روداد ہے تجھی تک
اور دل کی داستانِ ناشاد ہے تجھی تک
درماندگاں کے درماں اس درد کی دوا کر
یا غلام جیلاں راہبر سائل کھڑا ہے در پہ
کچھ بخش واسطۂ شہ گل حسن قلندر

دربار پرانوار حضرت علی ہجویری داتا گنج بخش علیہ رحمۃ اللہ

جمعرات کے دن کے تاثرات

تیرا دربار سخی سارا سراپہ انوار — کھلتے دل پہ ہیں یہاں آ کے رموز و اسرار
خلق آتی ہے یہاں تیری زیارت کے لیے — تاکہ دل کو ہو سکوں اور اسے راحت بھی ملے
بیشک آتے یہاں دنیا کے طلبگار بھی ہیں — کہ شفاخانے میں آتے سدا بیمار ہی ہیں
آتے پاکیزگئ نفس کی خاطر ہیں سبھی — دل کو کر دیتی مجلّٰی ہیں نگاہیں تیری
پرتو مہر محمد ہے تیرے روضہ پر — قلب ہوتے ہیں منور ترے در پہ آ کر
در و دیوار سے ضوبار ہے کیا تیرا جمال — اس ضیاریزی سے دل ہوتا ہے خورسند و نہال
جگمگا اٹھتے ہیں سینے تری تابانی سے — کفر کافور ہوا نور کی لمعانی سے
دن کو سورج ہے اگر رات کو تو ہے مہتاب — کوکبِ دُرّی ترا نور ہے کیا عالمتاب
کھینچتی سب کو ہے داتا تری روحانی کشش — بخشتا گنج ہے تو واہ رے تیری بخشش
سر جھکائے ہیں کئی اور کئی محوِ طواف — رو رہے ہیں کئی پکڑے ہوئے پوشش کا غلاف
چاہتے ہیں یہ کئی ان کو سعادت ہو نصیب — اک نظر دیکھنے کی رکھتے تمنا ہیں غریب
ان میں اکثر ہوئے مشغول قرآں خوانی ہیں — اس طرح محو ہیں کہ دنیا ہی بھولی ہے انہیں
یوں مراقب ہوئے بیٹھے ہیں کئی جھکتے تئیں — اپنے ماحول کی بھی جن کو خبر تک ہی نہیں

تو ہے وہ نیرِ اعظم کی شعاعیں تیری
تیرہ و تار دلوں کو ہیں یہ روشن کرتی

گھومتے شمع پہ یہ کس طرح پروانے ہیں
ساری دنیا سے نرالے ترے مستانے ہیں

اپنے مستانوں کی خاطر مرے دل کو دے کس
داتا محتاج نہ دنیا میں کسی کا میں رہوں

ہر طرح کر دے امیر اپنے گدا کو آقا
میرا دامن تہی اور دست رسا ہے تیرا

شعر ؟

دردِ دل جب منتشر کر دے طبیعت کا سکوں
بیقراری توڑ دے جب صبر کا باطل فسوں
ہجر کی تلخابیوں سے ہو فزوں جبکہ جنوں
شعر کی صورت ادا ہوتا ہے پھر سوزِ دروں

مناقب حضرت علی کرم اللہ وجہہ

مولانا عبد الرحمٰن جامی علیہ الرحمۃ کی فارسی عربی نظم کا ترجمہ اردو میں

اماموں کی سرتاج علیؑ کی ہے سرکار
ہیں بعدِ نبیؐ آپ امت کے سردار

زمیں آسماں عرش و کرسی سراسر
ہیں اس کی اطاعت میں قائم برابر

ہیں روشن یہ سب چاند سورج ستارے
علیؑ سے یہ عالم منور ہیں سارے

علیؑ ہیں چچا زاد بھائی نبیؐ کے
وزارت میں ہم مثل ہارون نبی کے

ترے خوانِ نعمت پہ شاہ و گداگر
یتیم اور قیدی تھے مہماں برابر

نہ لذات پر تھی نظر مرتضیٰ کی
فقط جَو کی روٹی پہ ہی اکتفا کی

ترے مدح خواں کو قیامت کے دن بھی
نہیں ڈر کہ پشت و پناہ ہے تو اس کی

علیؑ اولیاؤں کا برحق سہارا
مدد اس کی نبیوں پہ ہے آشکارا

پئے جامِ کوثر وہ پاکیزہ شربت
تھا جس میں نہاں نشۂ لطف و رحمت

علیؑ کی محبت ہو جس دل میں قائم
رہے خطرہ و شر سے محفوظ دائم

ہے اولادِ حیدر کا دشمن کمینہ
جلے نارِ دوزخ میں اس کا سفینہ

جسے نسبتِ دوستی ہو علیؑ سے
نہیں ڈرتا منکر نکیر اور کسی سے

امیرؔ اپنا احوال کیونکر چھپائے
جو دیکھے سنے خود اسے کیا سنائے

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ

کلمہ کلمۂ طیبہ ذکرِ نفی اثبات ہے — دل سے اگر تو مان لے یہ بات پھر کیا بات ہے
دائم اسی کا ذکر کر کیا دن ہے اور کیا رات ہے — تو اپنے آپ کو ڈھونڈ لے بس یہی کرامات ہے

لا کے دریا میں لگا غوطہ دلِ آگاہ کا
پھر ڈھونڈ لائے گا تو موتی واں سے الا اللہ کا

آرائشِ کون و مکاں اور خواہشِ فرزند و زن — خوش رنگ پوشاک و تن محویت جاہ و ذقن
شہرت پسندی فکرِ زر اور دنیوی رنج و حزن — حرص و ہوا میں کھو دیئے ناداں دل میں تو نے عقل و تن

تو ان بتوں کو توڑ دے مضرابِ لا اللہ سے
دل صاف کر دے شرک سے رکھ رابطہ اللہ سے

ہے تیغ کلمۂ طیبہ اور عشق ہے تیری سپاہ — تقویٰ کو لازم جان کر تو مانگ شیطان سے پناہ
مرشد سپہ سالار کے احکام پر تو رکھ نگاہ — قائم تو رہ اس راہ پر بتلائی جو اس نے ہے راہ

مرشد نے جب کر دی توجہ تیرا بیڑا پار ہے
بن اس کے ڈوبے ہیں کئی دنیا بڑی منجدھار ہے

ہیں مخملیں بچھونے سب بے فیض ہے رنگِ چمن — مہمل ادائیں حسن کی بے فائدہ اس کی لگن
گر عشق صادق ہے ترا دے چھوڑ صحرا و دمن — گھر میں تلاشِ حسن کر اور یاد رکھ میرا سخن

منہ آنکھ ناک اور کان کو بس بند کر خاموش رہ
اور اک سرودِ ربطِ دل سے تو ہم آغوش رہ

قدموں کی آہٹ میں ترے توتل کی قلقل ہے چھپا — صرصر میں اسکی ہے نہاں تیوں کو جب چھیڑے ہوا
انجن بھی آکر جوش میں کرتا ہے حق حق کی صدا — حق حق کی آتی ہے صدا تیرے دل سے غافل برملا

کر کائنات میں رات دن یوں مبتلا تو فکر کو
تا مطمئن ترا قلب ہو دائم کر اس کے ذکر کو

ترا عیش و عشرت قہر ہے ترا تہید تیری زہر ہے — تیرے نفس کی موج بھی گویا عدم کی لہر ہے
وحدت سمندر کی طرح تیرا وجود اک نہر ہے — جب گم ہوا وحدت میں تو پھر نہر سے بحر ہے

پانی میں پانی مل گیا کثرت سے وحدت ہو گئی
جزو اپنے کل میں رچ گئی اور غیریت سب کھو گئی

اک راز ہے اللہ ھو اندھوں کو اس کی کیا خبر — مخفی ہمارے سانس میں اور دل ہے مدوجزر
باجے کی سرگم میں نہاں جاری مغنی کے تار پر — ہر شے اسی کا ظہور ہے ہر چیز میں ہے وہ جلوہ گر

کہتا نہ کیوں اللہ ہوں منصور تو مجبور تھا
نا حق چڑھایا دار پر اندھوں سے یہ مستور تھا

ہیں لا الٰہ دنیائے فانی اور اسکی خواہشات — جوہر ہے الا اللہ ترا جو ہے وجودِ ممکنات !
نائب ہے تو اللہ کا اور ہے خلیفہ کائنات — تجھ میں ہے جب اللہ نہاں پھر غیریت کی کیا ہے بات

محمل ہے خود دلبر کا تو دیکھ ہے خود اندر حجاب

اِقْرَاءُ کِتَابَکَ اسلئے آیا ہے حکم اندر کتاب

دُوئی کا جب پردہ اُٹھے تو پھر نظر آنے لگے — کہ چھپ کے بیٹھا کون ہے تہ خانۂ دل میں ترے

مطلب سمجھتا کیا نہیں تو غمزۂ محبوب کے — شہ رگ سے بھی نزدیک تر بنتے ہیں ہم اندر ترے

کیا یاد ہیں کچھ واقعاتِ پیرِ صابر کلیری

کہ کن اداؤں سے بجاتے تھے وہ سازِ دلبری

اور مرشد عالی فریدالدین شکر گنج حضور — کیا محو کرتے ذات میں تھے فنات کو وہ ذی شعور

اور اس سرد و سرمدی سے کرتے حاصل تھے سرور — وہ عارضی لذاتِ دنیا سے سدا رہتے تھے دور

ترکِ دنیا ترکِ عقبیٰ ترکِ مولا ترکِ ترک

ہے یہی اور اک کامل و درویشوں کا درک

دنیا ہے اک دارِ محن اک خواب ہے، آرام یاں — اک ذکرِ حق آرام ہے باقی ہیں بے آرامیاں

اس کی عبادت کا ہے سب کام ہیں ناکامیاں — ہے پختگی اس کام کو باقی ہیں ساری خامیاں

تو سیکھ لے اس ذکر کو جا کر کسی انسان سے

مرشد کا دامن پکڑ لے تو صدق اور ایمان سے

ترا عشق مخفی گنج ہے اور عقل اس کا مار ہے — گر مار دے اس مار کو پھر بیڑا تیرا پار ہے

حاصل گرو سے گیان کر تیرا یہی اُپائے ہے — ایمان تیری سپر ہے کلمہ تری تلوار ہے

ہو جہادِ زندگی میں پیر کا تو ہم رکاب
منزلِ مقصود پہ لے آئے گا تجھ کو شتاب

آرزوئیں ترک کرکے ان سے اب بیگانہ بن
راہِ مولا کا ہی سالک اک فقط مستانہ بن

پی شرابِ بیخودی اور صوفیٔ رندانہ بن
تا عروج حاصل ہو تو خاکِ درِ جانانہ بن!

فقرِ فخری کا ہو خادم تو اگر مثلِ بلال
تجھ کو ہو جائے امیرؔ حاصل درخشندہ کمال

كَانَ اَمْرُ اللّٰهِ مَقْدُوْرًا ط

تو بیقرار ہے کہ خدا پر یقیں نہیں
ناقص یقین ہے ترا حق الیقیں نہیں

امرِ الٰہ ہوتے ہیں مقدور اسطرح
جب امر ہو گیا تو پھر اس میں نہیں نہیں

اعمالِ نیک و زشت کا بدلہ ضرور ہے
قانونِ حق کا بلبے یہ حق کے قریں نہیں

جھکتا ہے غیرِ حق کے حضور آدمی وہی
جھکتی خدا کے روبرو جس کی جبیں نہیں

مردار کھائے اور پھر وہ پاک ہی رہے
دیکھی یہ بات ہم نے تو اب تک کہیں نہیں

دعوئے اولیائی ہیں دنیا کی ہو طلب
کوئی طلب پھر اس طلب سے کمتریں نہیں

مربوطِ حق سے ہو کے جو اس میں فنا ہوئے
باقی پھر ان پہ قیدِ زمان و زمیں نہیں

یکسوئی ذاتِ احد میں حاصل ہوئی جنہیں
دِل ان کا فکرِ دنیا سے ہوتا حزیں نہیں
جنت وراثت ان ہی لوگوں کی ہے اے امیرؔ
دنیائے فانی کی ہوس جن کے تئیں نہیں

دُعَا

الٰہی ہمیں ایسا دل عطا کر
رہے راضی ہر وقت جو بر رضا
زباں ایسی دے اے مرے کبریا
کہ تکلیف میں بھی کرے شکر یہ
بدن کو نہ آرام کی ہو طلب
کہ دنیا ہے قصۂ لہو و لعب
نہ لہو و لعب میں تو مشغول کر
عبادت ہمارا تو معمول کر
عبادت ہی اک فعلِ مقبول ہے
سعادت عبادت میں محصول ہے
تجھے یاد کرنا بڑا کام ہے
تری بندگی میں ہی آرام ہے
یہ روحانی امراض کی ہے دوا
مریض اس دوا سے ہیں پاتے شفا
تری یاد سے دل کو تسکین ہو
ہو مسرور دل گرچہ غمگین ہو
نہ ہم کو کسی سے ہو بغض و عناد
کہ کرتا ہے یہ دل میں پیدا فساد
یہ روحانی طاعون ہے نامراد
کہ بہتا ہے پھر اس سے گندہ مواد
کہ بدگوئی کے اس میں سامان ہیں
بڑے فتنوں کے اس میں امکان ہیں

زباں اور تلوار کے گھاؤ ایک
ہیں بچتے سدا اس سے مردانِ نیک

جو لوگوں کی ہر وقت چغلی کرے
نہ تاثیر اس کی زباں میں رہے

جو لوگوں میں چغلی کا دستور ہے
کہ رستی زباں مثلِ ناسور ہے

یہ غیبت ہے ریم اور گندہ لہو
جو بہتا ہے ناسور سے ہو بہو

بچا اس غلاظت سے مولا ہمیں
زباں سے کسی کی نہ غیبت کریں

حسد کی مرض سے بچانا ہمیں
نہ اس آگ میں تو جلانا ہمیں

یہ کھا جاتی ہے نیکیوں کو ضرور
نہیں آگ کو کوئی ایسا شعور

کہ گھر کے وہ سامان کو نہ جلائے
تباہ ہے ہر اک چیز جو زد میں آئے

یہ نارِ جہنم ہے شعلہ کناں
حسد دل میں ہے کوہِ آتش فشاں

یہ دنیا میں دوزخ کا سامان ہے
خداوند تو ہی نگہبان ہے

حسد عقربِ نیش زن کی مثل
ہے کر دیتا جان و بدن کو یہ شل

قلق اضطراب اور اک انتشار
پناہ اس سے ہے تیری اے کردگار

بچا حرص و لالچ طمع سے ہمیں
جو مل جائے اس پر قناعت کریں

ہے گرچہ ترا رزق بے انتہا
ہے محدود لیکن مرا حوصلہ

تو طولِ امل کو بھی محدود کر
جو شیطاں کی راہیں ہیں مسدود کر

ہیں الجھاتی ہم کو بری خواہشات
پناہ دینے والی ہے تیری ہی ذات

تو جذبۂ ایماں سے معمور کر
خزانے دلوں کے تو بھرپور کر

تو اپنے فقیروں کو کر دے امیر
خزانوں کا مالک ہے تو اے قدیر

دُنیا طلبی

این بگیرند اہل دنیا شیوۂ
مال دنیا را بدانند میوۂ

کارِ دنیا را بہانہ ساختند
واز امورِ دین دل برداشتند

مال دنیا میل دل را زاد کرد
او سکون قلب را برباد کرد

ذکرِ مولا نورَ و ذکر مال نارِ
باشد این دل را غذا او آں آزار

حُبّ دنیا ظلمت سہو و خطا
حُبّ دین است مخزنِ نور ہُدیٰ

حُبّ دنیا رأس کل خطیات
ہست فرمودۂ فخرِ کائنات

ظلمتِ عصیاں زنادانی کہ بوُد
از طمع ہا آید آں اندر وجود

از تکدر شیشۂ دل شد خراب
ضائع میگردد ازو آں آب و تاب

روح چوں باشد فسردہ دل بمُرد
شد بہ شیطانی وساوس خرد برد

صورت دلبر نظر ناید ازو
از چنیں دل بہتری ہرگز مجو

دل کہ باشد مرکزِ انوار حق
مال دنیا آنچہ سامانِ قلق

قلب از او چونکہ آلودہ شود
از عبادت دور و بیہودہ شود

بستن دل در امور دنیوی　باعث نقصِ شعورِ آخندی
عشق مولا سوز و سازِ زندگی　انیست سرمایہ و رازِ زندگی
زندگئ اہلِ دُنیا شد خراب　عمر بگذارند ایشاں در عذاب
بہر دنیا دشمنِ یک دیگر اند　نیش کینہ پروری ہاے زنند
نایدت رنجِ محبت از دلاں　آتش بغض و حسد شعلہ کناں
گلشن مہر و محبت شد خراب　جان و دل را آتشے کرد کباب
خود برادر را برادر دشمنے　از پئے کیں خار دارد در دلے
خالی داماں از گل مہر و وفا　در دلاں دارند بسکہ خارہا!
گلشن دل خشک شد وائے ستم　باشد ایمان و محبت کالعدم
ایں گلستاں از خزاں ویران شد　کہ مسلماں لقمۂ شیطان شد
بیوفائی باشد آں را خصلتے　در عمل او کافراں را ہم سرے
اے مبارک آں کہ ایماں دوستش　از مہ و خورشید روشن تر رُخش
درمیان سینہ او دارد دلے　نورِ ایماں را دلے شد مرکزے
فارغ او از غصہ و نارِ حسد　سینۂ بے کینہ خالی از حقد
او ز بے صبری نہ باشد تنگ دل　واز غضب ہرگز نہ باشد مشتعل
او ز تاریکی و ظلمت دوراست　از غماں فارغ بسے مسروراست
بر مبارک مردِ شہوات بند　او ز قلب مطمئن شد ارجمند

ہست او مصئوں ز جملہ حادثات
بے اثر از موجہائے خواہشات

برسلامت شد سفینۂ حیات
او نہ مضطر بود اندر مشکلات

مردِ این است کامیاب اندر جہاں
ایں امیر و کامگار و کامراں

محبّت

محبت سِرّ کن فیکوں محبت راز قدرت ہے
محبّت منبعِ تخلیق ہے آئین فطرت ہے

محبّت مُستتر خلاق عالم کے اشاروں میں
ہر اک مخلوق کا باعث محبت ہی کی حکمت ہے

ہر اک شے کی ہے یوں تخلیق اس ترتیب عالم میں
کہ جیسے آہنی زنجیر حلقوں سے مرتب ہے

جو اک حلقہ کو بھی ایذا ہو زنجیر محبت میں
تو برہم اس سے ہو جاتی محبت کی نظامت ہے

قمر کے جذب سے اٹھتا ہے موج عشق بن بن کر
کہ سینہ میں سمندر کے محبت کی حرارت ہے

محبّت کا ہے سب ایثار گردش ہیں نساروں کی
محبّت ہی سے دن اور رات کی ہوتی ولادت ہے

محبّت ہی کے رشتے میں ہے عالم منسلک سارا
سپرد اس کے ازل سے سارے عالم کی امامت ہے

محبّت مزرعِ دل کے لیے اک بیج ہے ایسا
کہ اس اک بیج سے پیدا صداقت ہے شجاعت ہے

محبّت ہی سے پیدا نور ہوا اللہ کا دل میں
محبّت ہی علاج گردش دور ضلالت ہے

محبّت ہی ہے آئین جہانداری اگر سمجھو
اسی محل میں ہے سود و زیاں کاری اگر سمجھو

غفلت

آہ اس دنیا کے ہنگاموں میں کتنا شور ہے
ہر مسرت ابتداءً کس قدر پُر زور ہے

کس قدر مسحور کر لیتی ہیں جھوٹی راحتیں
گر کوئی سمجھے تو ہیں یہ پُر تکلف کلفتیں

شادیوں میں گو بہل جاتا ہے دل انسان کا
عارضی لذات میں ڈوبے ہوئے حیوان کا

لیک شادی کے یہ ہنگامے یہ محفل کے سرود
صفحۂ ہستی پہ نہیں رہتا سدا جن کا وجود

ظاہراً پُر کیف ہوتے ہیں اگر یہ اس قدر
باطناً رکھتے ہیں یہ زہر ہلاہل کا اثر

دل کے اطمینان کو برباد کر دیتے ہیں یہ
کس طرح انسان کا دل ناشاد کر دیتے ہیں یہ

عارضی خوشیوں میں خود کو کھو دیا انسان نے
اس لیے ظالم و جاہل کہہ دیا قرآن نے

بھول جاتا ہے مجازی راحتوں میں کسطرح
راہ کھو دیتا ہے فانی لذتوں میں کسطرح

معرفت کی راہ سے ہے کس قدر بھٹکا ہوا
منزل اصلی کو ہے یہ کس قدر بھولا ہوا

وعدۂ میثاق کو کیسے بھلایا جی سے ہے
کیسے بے رغبت ہوا جاتا یہ اپنے پی سے ہے

دعوئے بارِ امانت اور غفلت کا یہ حال
دیکھیے دیدہ دلیری کا ہے کیا ہوتا مآل

ارض و دریا و جبال اس کے نہ حامل ہو سکے
بوجھ انسان نے اٹھایا کس طرح دل بھول کے

بہت مشکل ہے نبھانا یہ امانت ہے بڑی
راہ رَو غافل ہوا ہے اور منزل ہے کڑی

آہ یہ دنیا کہ غفلت کیشیوں کا ہے مقام
اس میں ہی تکمیل وفا مردانِ غازی کا ہے کام

دل مُردہ فسُردہ

اے دل پژمردہ! اے شکوہ طراز　　　تو ز شکوہ ہائے دنیا شد گداز
شکوۂ دنیا تو ہر لحظہ کنی　　　بر غلط راہے قدم رانے نی
تو کہ انوارِ اللہ را شد مقام　　　شکوہ سنجی بایدت پیشہ مدام
تو زباں برا کرد خود را ہم زیاں　　　اے کہ بے پرواہ از سود و زیاں
تو پیالہ را کہ کردی واژگوں　　　ز آبِ رحمت خالی است از اندروں
کیسۂ خود را کنی پر از خزف　　　سنگریزہ ہائے مایہ در صدف
باعثِ فخر است ایں مایہ ترا　　　وجہِ افلاس انیست سرمایہ ترا
اے کہ تو از منزل خود ہوشیار　　　رازِ حق را بایدت تو رازدار
ایں چنیں شیطان است بردوشِ تو　　　بایست رحمان در آغوشِ تو
اے کہ تو جملہ بدن را شد امام　　　ایں حکومت را بدستِ تو زمام
گر تو فہمیدی! مقامِ تو بلند　　　تو ز انوارِ الٰہی ارجمند
خواب افسردہ ست میل دنیوی　　　تلخئ ایں خواب را آگاہ شوی
بایدت بیدار باشی تو ز خواب　　　ترکِ ظلمت کن تو آدر آفتاب

منزلِ خود بر تو باید آشکار
اے دلِ خوابیدہ یزداں کن شکار

شریعت اور طبیعت

ہے شریعت کو طبیعت پر مدام
فوقیت، تاکہ ہو قائم انتظام

قوم جب شرع سے روگردان ہے
پھر بگڑنے کا ہی بس امکان ہے

آدمیت سے ہے گر جاتی ہے وہ قوم
قابلِ دوزخ ہے کہلاتی وہ قوم

شکل و صورت میں ہو گو انسان ہی
اصل میں ہے بدترین حیوان ہی

خوفِ خالق رحم اور انصاف سے
بندگی طاعت جمیع اوصاف سے

اور سب جملہ حقوقِ بندگاں
جن سے انسانی شرافت ہو عیاں

جب یہ جوہر عرضِ ہستی سے ہوں حذف
نیک و بد کا دل سے مٹ جائے شعور

رفتہ رفتہ نفسِ امارہ کے امر
کرتے ہیں انساں کو مائل یہ شر

نیکیوں سے عین ہو جاتا ہے دور
بلکہ نیکوں کا ہو دشمن بالضرور

آدمیت سے ہو جنگ شیطنت
درپئے آزاد ہو نفسانیت

نفسِ امارہ کی ہی تاویل سے
جنگ کی قابیل نے ہابیل سے

نفس نے ہی یہ سکھایا ڈال دو
آتشِ سوزاں میں ابراہیم کو

ہوسِ نفسانی سے ہی ابنِ زیاد
شاہؑ کے درپے ہو گیا تھا بدنہاد

بیک یہ لذات اور شہوات سب
ہوتے ہیں قہرِ الٰہی کا سبب

ظاہراً اگر موجب شادی ہیں یہ
باطناً سامانِ بربادی ہیں یہ

فانی عشرت کا ہے اک اک قہقہہ		در حقیقت موجب صد زلزلہ
کھول کر اوراقِ ہستی دیکھئے		شامتِ عشرت پرستی دیکھئے
قوم جب سنت سے روگرداں ہوئی		غیرتِ حق نوحؑ کا طوفاں ہوئی
جب شریعت کو نہ مانے منکریں		حکم تھا کُونُوْا قِرَدَۃً خَاسِئِیْن
قوم نے مانا نہ یونسؑ کا پیام		چھا گیا اندھیر دنیا پر تمام
منکرِ عیسیٰ ہوئی قومِ یہود		سلطنت کا مٹ گیا ان کی وجود
امتیں دنیا سے یوں ہی مٹ گئیں		جبکہ پابندِ طبیعت ہو گئیں

ہے شریعت سے فقط معراجِ قوم
اس سے دنیا میں ہے باقی لاجِ قوم

خاموشی

دل میں تیرے اگر ہے جوش و خروش		چاہیئے رکھ تو قائم عقل و ہوش
مت بتا بھید اپنے کام کا تو		دل ہو سرگرم کار لب خاموش
زندگی میں ملے گی یوں تسکیں		در عمل کوش و بر زباں خاموش

خامشی ایک راز ہے گویا
گویا ہونے نے اس کو ہے کھویا

جہالت

از جہالت دین و دنیا شد خراب — در دو عالم جہل مے آرد عذاب

در حقیقت جہل زنگ دل بُوَد — قلب را از ذکر حق غافل کند

قلب بے حس، آخر آوارہ شود — بے صدا و گنگ و ناکارہ شود

آدمی را جہل رسوا مے کند — ذلت آمد از تکبر و از حسد

جہل نادانی برآرد بر ذکاء — این منافئ ورع و اتقا

آدمی را این مرض کرد سقیم — کہ علاجے نیست جز فضل کریم

چوں عمرؓ دارد جہالت در دلے — آرزوئے کشتن پیغمبرے

در دلِ او موجزن باشد چناں — شد برائے قتل پیغمبر رواں

او بہ شمشیر برہنہ مے رود — تا سر پیغمبرے را مے برد

سوئے یاراں آنکہ جہولاں شوند — کز وفورِ شوق تہنیت دہند

از جہالت دل شدہ تاریک و تنگ — با پیمبر داشت در دل میل جنگ

چوں جہالت دور بودے از دلش — نورِ ایماں در دلِ او آیدش

در گلو شمشیر آویزاں کند — دست خود بند و بہ خود نالاں شود

پیش مرسل گریہ و زاری کند — نعرۂ اللہ اکبر مے زند

او علی الاعلان مسلماں مے شود — او مسلماناں بہ کعبہ مے برد

سوئے کعبہ مے روند اسلامیاں　　　　عمر فاروقے شود اندر جہاں
بگذارند واں نماز اولیں　　　　بالمقابل آمدند چوں منکریں
برقِ خاطف بود شمشیر عمرؓ　　　　منکراں لرزند از خوف و خطر
در جہل آں دشمنِ ایمان بود　　　　جہل بگذشت حافظ ایمان بود
قوت اسلام زو شد مستزاد　　　　ایں قدر شد نورِ باطن انردیاد
بازوئے اسلام بودے آں عمرؓ　　　　کرد حاصل آں بصارت دیدہ ور
کہ بفرمودے نبیؐ ایں بے خطر　　　　بعدِ ما بودے نبی گر، بود عمرؓ
بوجہل چوں جہل کرد اختیار　　　　نایدت او بر ہدایت زینہار
در جہالت زندگی کرد بسر　　　　کہ براو شد نور باطن مستتر
دشمنِ ایمان و عقل و نور باد　　　　او بہ دنیا محو شد، مغرور باد
در دو عالم بوجہل برباد شد　　　　ایں چنیں او دائماً ناشاد شد
مسخرۂ شیطنت است جاہلے　　　　در امور دین باشد کاہلے
در امور خیر سست او گود کے　　　　در برائی چست باشد مرد کے
نامرادی بود درداماں او　　　　کہ ہمہ ابلیسیت ساماں او

مردِ جاہل بود خسران مبیں
العیاذ یا الله العٰلمین!

خود ضبطی

قابو میں تیرے گر ہے جذبات کا تلاطم ہے رام نفس تیرا پھر کچھ نہیں تجھے غم
تیرے حواسِ خمسہ محکوم اگر ہیں تیرے کف دست پہ سمجھ لے تیرے ہیں یہ دونو عالم

شاعرِ کج رفتار

سنا دے کوئی یہ شاعر کو جا کے میرا پیام مجازی عشق کا ہوتا نہیں ہے نیک انجام
ترا تمام تغزل مجاز سے لبریز ترا کلام تمامی فغان گرم آمیز
ترا دماغ خیالاتِ کہنہ کا پابند آہ بے کیف گفتہ' کلامے چند!
ترے سرود پہ وسواسِ عاشقی حائل کہ دل ہے تیرا سراسر مجاز پر مائل
ہے لطف جبکہ حقیقت کی ہو تری آواز لبوں پہ مہرِ سکوت اور دل میں سوز و ساز
کلام ایسا ہو گر دل میں کچھ ہو شوقِ کلام کہ پائیں شوقِ عمل دل میں سنکے عوام
ہزار حیف جو شاعر کے لب ہوں نالہ کناں ذلیل پستی ہے عورت کی طرح آہ و فغاں
ہے شاعروں پہ کسی طرح سے خدا کا عذاب کہ تذکرے ہیں سدا رکھتے ہیں شراب و کباب
کوئی تو زلف گرہ گیر کا بنا ہے اسیر ہے کوئی مہ رُو پری پیکروں کے در کا فقیر
ہے شمع رویوں کے رو کی کسی کو بوالہوسی کوئی فراق کے نالوں میں ہو گیا خبطی
کوئی ہوا ہے پراگندہ ساقِ سیمیں میں کسی کا ٹوٹا نہیں ہے نہ زلفِ پیچیدہ میں

کسی کے سر میں ہے سودا کسی کے عنبغب کا
مچایا شور کسی نے ہے چال بے ڈھب کا

کسی کے پیش نظر ہے کمر کی باریکی
کسی کو کرتی فنا ہے کسی کی کج بیینی

ہیں وقف حسن بتاں شاعران کج رفتار
کہیں گے ہم تو اسے نانِ گندمی کا خمار

مجازی حسن کے تیروں کے ہیں بنے نخچیر
ہے کھینچ لائی رذالت میں ان کو پست ضمیر

نہیں مذاقِ سخن کی ہے اس سے کچھ تطبیق
ہے جس کے قبضہ قدرت میں حسن کی تخلیق

اس کی ذات حسیں ہے حسینِ لم یزلی
کہ جس کی طرز نرالی، ادا ہے البیلی!

ہر ایک ذرہ تاباں ہے اس کا پرتو حسن
ہر اک حسین میں اسی کا ہے حسن عکس فگن

اسی سے مردہ دلوں میں ہے آتی تاب و تواں
اسی کی یاد سے ہوتا ہے دل کو اطمینان

جھلک ہے حسن کی ہر جا ہو گر نگہِ ہشیار
ہر ایک ذرہ قدرت میں حسن کا ہے شمار

مقامِ انسان

ترجمہ از انگریزی نظم

عیش و آرامِ ہو یا کرب و بلائے دنیا
در حقیقت نہیں انساں کی یہ منزل یا مقام

بلکہ انسان کی یہ شان ہے ہر دم ہر آن
ہو عروج اس کا بلندی پہ ہی ہو اس کا قیام

مرتبہ و مصنفہ حکیم سید امیر جیلانی شاہ

تلاشِ سکون

دل دنیوی بکھیڑوں سے از بسکہ تنگ تھا — میں دل سے تنگ آگیا دل مجھ سے تنگ تھا
پہلو میں میرے دل نہ تھا گویا نہنگ تھا — اس جنگِ باہمی کا کچھ عجب ہی رنگ تھا

اس کشمکش میں چل پڑا میں سوئے سبزہ زار
شاید کہ بہل جائے سیر سے دلِ نزار

یاں پھول تھے خوش رنگ اور سبزہ ہرا ہرا — خوش کیف نغمۂ طیور بادِ جاں فزا
لطف و سرور لے رہا تھا میں کھڑا ہوا — اک جال اک شکاری نے آکر لگا دیا

طیور جو خوش حال تھے آزاد پھر رہے
پھندے میں تھے شکاری کے قیدی بنے ہوئے

گلشن میں پھول ہیں جہاں کانٹے بھی ہیں وہاں — نغمات خوش آہنگ میں ہے نالہ و فغاں
اک انضباط میں ہیں فراخی و تنگیاں — میں دل فسردہ ہوگیا دیکھا جو یہ سماں

دل نے کہا کہ یہ جگہ بھی ناپسند ہے
صیاد و صید یاں ہے کمین و کمند ہے

یاں سے چلے تو راہ میں اک آئی جوئبار — اس آب جو پہ نغمہ ریز تھی اک آبشار
بیتابیاں ہی تھیں یہاں قسمت میں مستعار — اٹھ اٹھ کے کہتی تھی مجھے ہر موج بے قرار

تلاشی سکوں ہے تو شوریدہ سر ہیں ہم
تیری نرالی جستجو سے بے خبر ہیں ہم

وارفتہ موج کا یہ طعنہ سخت کوش تھا | گویا یہ کلمہ میرے لیے بارِ دوش تھا
پر دل کہ واقعی یہ دل حق نیوش تھا | اس اضطراب میں بھی قائم اس کا ہوش تھا

کہنے لگا کہ موج بھی جو بے ہراس ہے
اس بے قرار کو بھی سکوں کی تلاش ہے

بیتابیاں یہ مے کے اٹھی کوہسار سے | پھر کھیلتی رہی کہیں یہ مرغزار سے
رستے میں مل گئی یہ پھر اس جوئبار سے | کیا مضطرب ہے گرتی ہے جب آبشار سے

جا کر یہ سو رہے گی کسی سبز کھیت میں
حاصل سکون ہوگا نیند کی لپیٹ میں

دیکھا جو کیف موج سنا دل کا جب جواب | دیوانہ وار اک طرف میں چل دیا شتاب
آمادۂ سکوں تھا طبیعت کا اضطراب | پیری کی طرف جھک رہا ہو جسطرح شباب

اس دل نے مجھ سے پھر کہا فرزانۂ جہاں
پھرتا ہے ڈھونڈھتا بھلا کس چیز کے نشاں

چل گھر میں کہ عجب ہے یہ تیرگئے جہاں | غم اور خوشی کا اختلاط ہے جہاں کہاں
لیکن یہ ہست و بود کا ہے عارضی سماں | اس اضطراب میں مجھے لے جائیگا کہاں

اس بحرِ غم میں غوطہ اب ایسا لگایئے
موتی سکونِ قلب کا ہی ڈھونڈ لایئے

بے چین کس لیے ہے تو اے مردِ ہوشیار کیوں بھٹکی پھر رہی ہے تیری جانِ مستعار
تیری ہر ایک چیز ہے ادھار ہی ادھار کب قرض خواہ مانگ لے کیا اس کا اعتبار

یہ ہے غریب ماندگی، مبتلائے سکوں
یہ اضطراب محض کاہلی کا ہے جنوں

بے کار ضائع کر نہ یوں ناکام زندگی کچھ کام کر لے کام ہے آرامِ زندگی
کاہل کو تنگ کرتے ہیں آلامِ زندگی موجِ نفس سے سن ذرا پیغامِ زندگی

اک دم بھی تا حیات نہیں اس کو کچھ قرار
چلتی ہی رہتی ہے سدا یہ تارِ مست وار

کوئی مکیں نہیں یاں کسی کا مکاں نہیں منزل عدم ہے ہست کا کچھ بھی نشاں نہیں
آفاتِ دہر سے یہاں محفوظ جاں نہیں آرام کے لیے بنا ہرگز جہاں نہیں

آخر ہر اضطراب کا ہے ماحصل سکوں
محنت ہے اضطراب اور اس کا پھل سکوں

بجلی کڑک کے آخرش ہوتی خموش ہے مٹ جاتا بڑے سے بڑے طوفاں کا جوش ہے
ہے چاہتا سکوں تو کیوں تو غم بدوش ہے سن لے امیر کا یہ پیغامِ سروش ہے

مضطر ہو بے قرار ہو راہِ حیات میں
طوفان بن کے ہو نہاں تو اپنی ذات میں

دوامی زندگی

شمع اک روشن تھی ہے یہ ایک شب کا ماجرا
ایک پروانہ وہاں دیکھا تو میں نے یوں کہا

سوز کا پتلا ہے تو یا کہ ملکِ شب تاب ہے
سر میں ہے سودا ترے! کیوں اسقدر بیتاب ہے

کس قدر شوریدگی ہے کس قدر ہے اضطراب
جاں فروشی کے تصدق زندگی سمجھا ہے خواب

لذت غم سے تنا سا ہے تری ننھی سی جاں
محرمِ رازِ محبت ہو گیا تو بیگماں

سوزِ الفت میں فنا ہونا ہے تیری زندگی
شمع کے شعلے ہی کا سجدہ ہے تیری بندگی!

کیا مزہ جلنے میں ہے مرنے میں ہے مٹنے میں ہے
کون سی لذت شرابِ موت کے چکھنے میں ہے

کس حقیقت پر تجھے ناداں بھلی لگتی ہے موت
کون سی منزل ہے جس کی راہنما بنتی ہے موت

خاک کا اپنی تو ہر ذرّہ پریشاں پائے گا
بعد جل مرنے کے تو کس کو بھلا یاد آئے گا

زندگی کے سوز کی لذت سے ہو کر آشنا
کس لیے پھر موت کے پہلو میں جا کر سو گیا

بات میری ختم ہونے پر ابھی آئی نہ تھی
آہ! وہ ننھی سی جاں تڑپی تڑپ کر رہ گئی

اس کی خاکستر سے آئی ایک دھیمی سی صدا
تیر ساں دل پر لگی بیتاب مجھ کو کر دیا

"موت کو سمجھا ہے ناداں اختتامِ زندگی" — عاشقوں کو ہے فنا ہونا پیامِ زندگی
زندگی ان کے لیے شوقِ عمل کا نام ہے — یار کی دُھن میں لگے رہنا ہی ان کا کام ہے
اپنے پہلو میں اگر شوقِ عمل رکھتا نہیں — سوز اپنے خون کے ذروں میں گر رکھتا نہیں
گر تحرک میں نہیں رکھتا ہے تارِ ساز کو — گر نہاں رکھتا ہے لب میں جوہرِ آواز کو
دل کی حرکت سے اگر کرتا نہیں ہے ذکر تو — عقل کو کرتا نہیں گر مبتلائے فکر تو
گر کسی کے درد سے ہوتا نہیں ہے بیقرار — گر پرائی آنچ میں ہوتا نہیں سیماب وار
گر کسی کے غم میں دل کو مضطرب کرتا نہیں — آنکھ کی رہ سے اگر خونِ جگر گرتا نہیں
تب درندوں سے بدتر ہے تری یہ زندگی — آدمیت کے لیے ہے باعثِ شرمندگی
لے حسینؑ و سرمدؒ و منصورؒ سے درسِ حیات — سیکھ لے ان عاشقوں سے زندگانی کے عنایت
دار پر چڑھتے ہیں سر خنجر سے کٹواتے ہیں وہ — جان کو قربان کر کے زندگی پاتے ہیں وہ
مشعلِ راہِ ہدیٰ بنتے ہیں بندوں کے لیے — اور سراپا ہیں دوا وہ دردمندوں کے لیے

تو بھی جاں قرباں کر دے یار کی رہ میں امیرؔ
زندگی کی کشمکش میں ہے بھلا تو کیوں اسیر

کتاب

ترجمہ از انگریزی نظم

کتابیں خزانۂ عقل کا گھر ہیں — کتابیں مقام مسرت کے در ہیں
کتابیں بہشتوں کی سیڑھی ہیں گویا — ہمیں چاہیئے ان کو ہر وقت پڑھنا

قوم کے پر و بال

ترجمہ از انگریزی نظم

سیم و زر سے ہی نہیں ہوتی ہے قوموں کی نمو — سینچتا ہے اسے جانباز شہیدوں کا لہو
باندھتے ہیں وہ جواں مرد ہی سر پہ سہرا — پاک ہوتے ہیں جو خون اپنے سے ہی کرکے وضو
کام کرتے ہیں وہ جب کرتی ہے دنیا آرام — جی نہیں چھوڑتے میدان سے کبھی وہ خوش رو

گہری بنیاد پہ ہیں کرتے عمارت تعمیر
کرتی ہے اس کو فلک بوس پھر ان کی تدبیر

محنت و ہمت

ترجمہ از انگریزی نظم

کس لیے حیراں ہے اوروں کی بلندی دیکھ کر	وہ بھی ہیں تیری طرح آخر کو سکان زمیں
خوں پسینہ ایک کر کے رات دن کی محنتیں	ترک جب لذات کیں تو ہو گئے بالا نشیں
ایک ہی پرواز میں اتنی بلندی تھی کہاں	لے اڑا پیہم عمل تب ہو گیا ان کو یقیں

اپنی ہمت سے اگر اڑتا رہے یونہی بشر
کیوں نہ پھر ہوگا فرشتوں کا کسی دن ہمنشیں

اب اور ابھی

ترجمہ انگریزی نظم

جاگو کہ دن گزر گیا ہے تم ابھی ہو خواب میں	میدان میں سب آ گئے ہیں پاؤں سب رکاب میں
صف بستہ سب کھڑے ہیں اور ہے اک تمہاری انتظار	عمل کی شاہراہ کھلی ہوئی ہے تم ہو شاہکار
جو کل تھا وہ گزر گیا۔ جو آئے گا تو ڈر ہے کیا	عمل کے واسطے تو وقت ہے فقط دن آج کا
جاگو کہ ماقبل کا غم ہے ننگ غیرت سپاہ	یہ ہی گھڑی عمل کی ہے یہ ہی ہے بس عمل کی راہ
تدبر و عمل پہ اس طرح ہو ضبط حال میں	کہ محنتوں کا ہاتھ آئے کچھ ثمر مآل میں

ہے امتحان ہمتوں کا غیرتوں کا کیا ہی سخت ہے کوششوں پہ آج کی نصیب میں تمہارے تخت

ہے غفلتوں نے ماضی کی تم کو بھلا دیا جو راہ تو یاس و غم میں پھرتے کیوں ہو بھر رہے ہو سرد آہ

جانے دو غم کا فائدہ کیا! ہو چکا جو ہو چکا گر بس میں وہ گھڑی نہ تھی تو بس میں ہے دن آج کا

ماضی کی تیرگی گئی ماضی کی وہ چمک گئی ماضی کی شان مٹ گئی ماضی کی وہ جھلک گئی

ہے مٹ چکا وہ آج سب ماضی کا جو بھی رنگ تھا باندھو کمر تم آج سب کہ وقت ہے یہ جنگ کا

اٹھو کہ دن گزر چلا ہے طبلِ جنگ بج رہا دشمن تمہارا ہر لمحہ بڑھتا چلا ہے آ رہا

آلات حرب تم نے گر غفلت سے کُند ہیں رکھے اور اس طرف غنیم بھی سر پر کھڑا ہو آن کے

انجام ایسی جنگ کا ہو گا تمہارے حق میں کیا؟
ارمان سب رہ جائیں گے دل میں ہی بس واحرتا

یتیم بچّی

ننھی بچی تو ہے اپنی والدہ کی یادگار
تیری ہر ہر بات میں کیا ہے یتیمی آشکار

جسم میلا اور کپڑوں پر ترے گرد و غبار
چہرے پر ہیں بھوک کے آثار کیا ہے حال زار

تیری اک اک آہ ماں کے ہجر میں ہے بیقرار
تیری دردِ آہ میں بھی ہیں محبت کے شرار

تیرا ہر آنسو رہینِ یادِ مہرِ مادری
سنگدل کو موم کر دینے میں سحرِ سامری

ربڑ کی چھٹنی کو کیسے چوستی ہے بار بار
شیرِ مادر کی ہے متلاشی یہاں بھی سوگوار

ہاتھ پھیلا کر تو تکتی ہے اٹھا لے تا کوئی
روٹھ جاتی ہے کبھی، آ کر منا لے تا کوئی

کس مپرسی کا اگر عالم رہا ہے رات دن
دودھ کی جا اشک پی پی کر گزارا رات دن

ماں کے احسان و محبت سے تو نامحرم رہی
بچپنے میں نعمتِ عظمیٰ کو ترسا کری

کس تحیر سے تو تکتی ہے نسائی صورتیں
آہ! تسکیں دے نہیں سکتیں تجھے یہ مورتیں

محسن و مشفق کریم و مہرباں ہوتی ہے ماں
بے زباں بچے کی ہمدم ہم زباں ہوتی ہے ماں

فلسفہ اُدن و آں بچے کا کیا سمجھے کوئی۔
آہ بن ماں کے زباں بچے کی کیا سمجھے کوئی

ماں مفسر ہے ہر اک لکنت زدہ تقریر کی
ماں ہی صورت گر ہے بچے کے لیے تقدیر کی

یا خدا ان بیکسوں پر کھول ابواب کرم
چل بسی ہو جن کو ماں چھوڑ کر سوئے عدم

تیری رحمت ان کی ہر دم مونس و غمخوار ہو
ابر احسان و محبت تیرا گوہر بار ہو

عرض کرتا ہے دعا اپنے خدا سے یہ امیر
رحم ہو تیرا یتیموں پہ سدا رب قدیر

تعزیہ کی رسم

ہند کی املاک کا اک بادشاہ تیمور تھا   انتہائی تھا دلاور اور بڑا غیور تھا
پنج تن کے عشق میں رہتا سدا مخمور تھا   نسلِ چغتائی کے اس مومن کا یہ دستور تھا

جاتا سالانہ تھا یاں سے کربلائے پاک کو
ہوتی تھی تسکیں زیارت سے دلِ صد چاک کو

معرکہ کربلا کے غم نے حال ایسا کیا   جوش کھا کر اک دفعہ تھا فوج یاں سے لے گیا
سرزمین کوفہ کا ستھراؤ کچھ ایسا کیا   کر دیا سب نہس نہس اور ہل وہاں چلوا دیا

حرکتیں ایسی عمل میں لاتی ہے آشفتگی
عشق میں جب حد سے بڑھ جاتی ہے یوں وارفتگی

کی بغاوت باغیوں نے ملک میں جو ایک سال   تو بغاوت گو فرو کر دی، پہ دل پہ تھا ملال
حسبِ دستور ان دنوں جائے اگر یہ رجال   بعد میں باغی نہ پھر کر لیں بغاوت کا خیال

بس اسی افسردگی میں گم سا ہو کر رہ گیا
عالمِ رؤیا میں وہ مدغم سا ہو کر رہ گیا

خواب میں تشریف فرما ہو گئے حضرت امامؑ	انتہائی شفقت و الفت سے کی اس سے کلام
اس جگہ تو آ نہیں سکتا اگر اے تشنہ کام	نقشہ مشہد کا بنا کر اس جگہ ہی کر سلام

دور ہو جائے گی تیرے دل سے سب افسردگی
اور مٹ جائے گی قلب و روح سے آزردگی

صبحدم بیدار ہو کر کام اس نے یہ کیا	نقشہ سمجھا کر کسی صناع کو، بنوا لیا
اور تصور باندھ کر پھر سامنے ہو کر کھڑا	عرض کی اے میرے مولا اے شہِ شاہ و گدا

واسطہ ہے سب تیرے اجداد کا اکباد کا
لیں خبر آ کر مری یہ وقت ہے امداد کا

تعزیہ داری کی رسم اس دن سے ہی محبوب ہے	اکثروں میں گو یہ بدعت کی طرح معتوب ہے
کوئی کہتا خوب ہے کہتا کوئی ناخوب ہے	بحث کچھ مقصود ہے نہ فیصلہ مطلوب ہے

گریہ و زاری سے ہی ہو گی نہ خوش روحِ امام
ہو نہ تیموری عمل سے کوئی جب تک شاد کام

مفتیانِ بے عمل

یا وہ مسلم تھے کہ با النفس مجاہد پورے	یا یہ ہیں کہ جن کے عمل خیر ادھورے
فواتی اضداد سے لکھتے ہیں فتاویِٔ تکفیر	اہل دل کو یہ بنا دیتے ہیں کافر پورے

سلام بہ درگاہِ امام عالی مقام حضرت حسین علیہ الصلوٰۃ والسلام

اے نبیؐ کے لاڈلے ابن علیؓ
محرمِ اسرارِ حق خفی و جلی

اے قتیلِ شیوۂ اہلِ جفا
مستِ جامِ حق بودی دائما

السلام اے راکبِ دوشِ رسولؐ
السلام اے گوشۂ جگرِ بتولؓ

السلام اے ہادیٔ راہِ متیں
السلام اے قبلہ گاہی شاہِ دیں

السلام اے راشدِ برحق سلام
السلام اے عاشقِ حق السلام

کتنوں کو رتبۂ شہادت مل گیا
ساتھ تیرے اے شہیدِ کربلا

تو ہمہ تن عشق کی تفسیر ہے
خواب ابراہیم کی تعبیر ہے

تیری ہستی فدیۂ ذبحِ عظیم
تو نے دکھلائی صراطِ مستقیم

تو نے سکھلا دی ہے ریت عاشقی
ڈال دی بنیاد الا اللہ کی

عالمِ فانی کو فانی بالیقیں
دیکھتی تھی تیری چشمِ پاک بیں

فی سبیل اللہ ترکِ ماسوٰی
کر کے دکھلا دی ذبیحِ نینوا

کچھ نہ دیکھا ماسوائے للّٰہی
مرحبا یہ تیرے دل کی آگہی

یاد کر کے مصائب وہ تمام
کربلا کے اے امام عالی مقام

آنسو بن بن کر ابل پڑتا ہے دل
بے قراری سے ہے ہوتا مضمحل

مرحبا وہ تیرا صبرِ جاں گداز
مرحبا وہ تیری نصرتِ حق نواز

اتنی تکلیفوں پہ بھی آئی نہیں
پائے استقلال کو لغزش کہیں

کربلا میں دو بہ دو ہیں نار و نور
ہو رہا ہے حق پرستی کا ظہور

اک طرف آلِ نبیؐ نعرہ بجوش
اک طرف بطلان کا جوش و خروش

اک طرف ہیں وجہِ تخلیقِ زماں
اک طرف باطل کی ہیں سرگرمیاں

ریگِ گرم و پر تمازت آفتاب
جاں بہ لب ہر نفس چوں ماہیِ بے آب

جور و استبداد کی اندھی گھٹا
قہر و ظلم و جبر سے پر تھی فضا

اور پھر مظلوم بھی مظلوم کون
جس کے باعث سے ہوئی تکوینِ کون

ہو بہو تصویرِ انوارِ نبیؐ !
فاطمہؓ کا لاڈلا جگر علیؓ !

گر نہ یہ ہوتے نہ ہوتی کائنات
ان کے ہونے سے ہوئیں سب ممکنات

ان کے ہی گھر کا ہے یہ فیضِ اتم
عرش و کرسی لوحِ محفوظ اور قلم

اَوَّلُ مَا خَلَقَ نُورِیْ نبی کا وجود
ہے مسبب جملہ اشیائے ورود

منبعِ تخلیق نورِ اوّلیں
نبی برحق رحمۃ للعالمین

نورِ آدم ہست از نورِ نبیؐ
آدمیت یافتہ پائندگی

منتقل یہ نور ہوتا ہی رہا
یک زمانہ انبیاء بعد انبیاء

آخرش تکمیلِ فطرت ہو گئی
کامل و اکمل نبوت ہو گئی

صورتِ بشری میں ظاہر ہو گیا
نورِ پاکِ ذاتِ ختم الانبیاء

شرع کی بنیاد آدم نے رکھی
انبیا نے بعد میں تعمیر کی

کر دیا کامل محمدؐ نے اسے
اپنی قوت اور کمال زور سے

خامیاں اس طرح اس سے دور کیں
احتمالِ نقص بھی باقی نہیں

کر دی دو چیزوں سے اسکی پختگی
تا قیامت تا نہ ہو آشفتگی

ایک قرآں دوسری آلِ رسولؐ
جن کے صدقے سے دعائیں ہوں قبول

اک ہے علم اور دوسرا سارا عمل
یہ فقط طولِ اَمل اور وہ ہے پھل

علمِ قرآنی نصیبِ عارفاں
نکتہ سنجی حاصلِ زندہ دلاں

ناقصوں کو اس سے کیا ہووے حصول
نکتہ رس تو ہو نہیں سکتے جہول

اس لیے ہے گم رہی کا احتمال
فہم قرآنی میں ہے قحط الرجال

کاملوں ہی سے ہوں ناقص فیضیاب
فہم ناقص سے ہے بالاتر کتاب

عارفوں میں ہے شریعت کا کمال
ان میں پیدا آدمیت کا کمال

ان میں کامل اتباعِ احمدی
موجزن سینے میں ہے عشقِ نبیؐ

ان کا رستہ ہے صراطِ مستقیم
ماسوٰی ہے راہ شیطان الرجیم

یہ محبت میں نبی کی ہیں فنا
مل گئی ہے اس لیے ان کو بقا

ہے محمد سے اگر ہم کو پیار
اس کی الفت کا ہے گر دل میں شرار

اس کے پیاروں سے بھی ہم کو پیار ہو
دشمنوں سے اس کے جی بیزار ہو

فاطمہؓ حسنینؓ اور حضرت علیؓ
اہلِ بیتی جن کو فرمائیں نبیؐ

ان کی الفت پر شریعت ہے تمام
نارِ دوزخ ان کے عاشق پر حرام

سب ہیں اس بحرِ رسالت کے گہر — ہے شریعت ان سے ہی تابندہ تر
ان کے دشمن ہیں عدوئے مصطفےٰ — رنج ان کا موجبِ قہرِ خدا
جو کہ اس دربار کے دربان ہیں — ان کی ساری مشکلیں آسان ہیں
جو ہیں اس سرکار کے ادنیٰ غلام — دو جہاں کی نعمتیں ان پر تمام
ہے غلامی باعثِ عزّ و وقار — پاسبانی موجبِ صد افتخار
یہ ہی وہ گھر ہے کہ فخرِ کائنات — خود ہیں فرماتے سفینۂ نجات
پاسبانی میں ہیں جبریلِ امینؑ — جبکہ زہراؓ آپ چکی پیستیں
بہرِ عظمت خود کھڑے ہوتے رسولؐ — پاس جب ان کے کبھی آتیں بتولؓ
جس قدر کہ شان کا امکان ہے — اس سے بھی ارفع و اعلیٰ شان ہے
جس کو حاصل ہو گئی ان کی رضا — ہے یقیں کہ مل گیا اس کو خدا
ان کے در کا ایک ہے سائل حقیر — دنیا والے اس کو کہتے ہیں امیرؔ
ہے دعا اس کی بہ حقِ پنج تن — جب تلک قائم ہیں اسکے جان و تن
ہو زباں کا وردِ نامِ پنج تن — محو اس میں ہو غلامِ پنج تن
ہے عصائے زندگی نامِ حسینؑ — لب کشائے بندگی نامِ حسینؑ

ہے دوائے ہر بلا نامِ حسینؑ
دافعِ رنج و بلا نامِ حسینؑ

قائدِ اعظم کے مزار پر

اے خوشا بخت کراچی کی وہ خاکِ اکرم — جس میں سویا ہوا ملت کا ہے قائدِ اعظمؒ
ہے مقاموں میں بلند اور فراز اس کا مقام — کہ وقارِ قائدِ ملت پہ یہ شاہد ہے مدام
وہ جواں عزم تھا پیری میں بھی ہمت کا دھنی — تھا کہن سال پہ ہمت تھی جوانوں جیسی
تجھ میں سویا ہوا ملت کا ہے وہ فردِ فرید — جو کہ میدانِ سیاست کا تھا اک مردِ وحید
منتشر ہوا شیرازۂ قوم اس کے بغیر — ملک کا حال آوارہ ہوا ہے اس کے بغیر
رحمتیں تجھ پہ ہوں اے قائدِ اعظمؒ کے مزار — بے قراروں کو یہاں آنے سے آتا ہے قرار
حال و ماضی پہ نظر پڑتی ہے جس دم لیکن — دل سے بے ساختہ آتی ہے صدا آہ وطن !
یہ وطن قائدِ اعظم کی کشاکش کا ثمر — جانتے خوب حقیقت کو ہیں سب اہلِ نظر
مردِ میداں جو گیا ، بالغ نظری بھی گئی — کم سواد آج نظر آتے ہیں ملت میں کئی
ملک و ملت کا بنایا تھا جو قائدؒ نے وقار — کر رہے اس کو ہیں ابنائے وطن خود ہی تنکار

قوم کو پھر ہو عطا مرد جو قائدؒ جیسا
ڈگمگاتی ہے ، لگے پار یہ اپنی نیا

حج نمائش

چوں سفر کردم بہ کعبہ اختیار　　　ایں صدا آمد بہ گوشم، ہوشیار
تو بہ کعبہ خلیل اللہ روی　　　تو برائے حج بیت اللہ روی
ترک کردی اہل خانہ را تمام　　　با محبان الوداع گفتی کلام
دست برداری تو از کارِ جہاں　　　تا کہ باشی رازِ حق را رازداں
ایں دلِ تو تا دمِ ایں اے فتا　　　در تعلقہائے دُنیا مبتلا
از مرض ہا ایں دلِ تو شد سقیم　　　زیں مرضہا پاک کن دل را ندیم
شیشۂ دل زنگ آلود از ازل　　　اے تہی سامان از نورِ عمل
ایں سفر تو را نہ باشد کامیاب　　　چونکہ داری حبِ دنیا در حساب
تو ضمیرِ تاجرانہ داشتی　　　حج کعبہ را بہانہ ساختی
اے خریدارِ تحائف نَو بہ نَو　　　از تجلی ہائے دل غافل مشو
دولتے داری بسے تو در سفال　　　بر غریباں واجبات حج محال
ایں سفر از سیم و زر آساں شود　　　بر غریباں تنگئے داماں شود
بر امیراں نیست در راہ مشکلے　　　بر غریباں حسرتے در حسرتے
ایں فریضہ بر غریب اندر جہات　　　از تہی دستی ست از ناممکنات
از حکومت بیش ہا پابندیاں　　　مشکل از مرگے حیات اندر جہاں

بر غریباں کے روا باشد زکوٰۃ — کہ ادا غافل شود صوم و صلوٰۃ
بر غریباں حج حج دل بود — شوق رہ پیمائی خود منزل بود
عشق چوں کامل شود منزل بود — محمل محبوب خود حاصل بود
شکر گزاری خدا دادے ترا — دولت وافر کہ حج کردی ادا
تو سوئے آں جان جاناں مے روی — آنکہ کردہ فقر در شاہنشہی
شاہ باید فقر کردہ اختیار — فقر را افزود آں عالی وقار
او کہ دارد فقر آں گیتی پناہ — داشت در دستے کلید لا الٰہ
ذکر پاک او کہ باید ذکرِ خیر — فکر در اسوۂ او شد فکر خیر
بود متوکل شہِ متوکلاں — داد او تسکین جملہ مومناں
او نہ دارد فکرِ دنیا در دلے — مالکِ لولاک آں شاہنشہے
شو غلامِ آں حبیبِ کبریا — ترک کردہ آنکہ جملہ ماسویٰ
مالک کونین بودے آں فقیر — شد شاہنشاہِ امیراں آں امیر
جملہ دولت ہائے بر قدمش نثار — کہ غلامِ او بود ہر شہر یار
چوں کہ آں کلکِ ازل تحریر کرد — ہر مقدار را چوں او تقدیر کرد
او غلامانِ محمد را نوشت — در شہنشاہاں و ہدا آں را نشست
آں عمارؓ و آں صہیبؓ و آں بلالؓ — ایں غلاماں را کہ شد حاصل کمال
پادشاہاں پیش آں سر خم کنند — کہ خراج و باج آں ہا را دہند

این غلامی آرزوئے انبیاء — این غلامی فخرِ جانِ اولیاء
این غلامی را بہ ترسد آں کلیمؑ — آرزوئے ابنِ مریمؑ اے سہیم
خضرؑ کردہ این دعا حق را مدام — اے کہ باشم من محمدؐ را غلام
اے مسلماں زین غلامی کے مفر — گر مفر بودی ترا این شد مقر
پختہ ترکن این غلامی از عمل — تا کہ باشند کارہا بر تو سہل
بر کفے بود این جہان وآں جہاں — بر زمین و آسماں شو کامراں
شد غذائے مرتضیٰ نانِ جوین — خستۂ خرما لیا اوقات این
بہرہ آب او بنو شد این غذا — بوترابؓ و ابوالحسنؓ شیرِ خدا
بو عبیدہؓ آں سپہ سالارِ عشق — در حمص چوں بود او سردارِ عشق
او عمر فاروقؓ را حیران کرد — کہ بہ نانِ خشک او جہان کرد
اے ز دنیائے دنی شد بے نیاز — اے توکل کردہ بر کارساز
ہر دو عالم اند در دامانِ تست — بحر و بر در قبضۂ فرمانِ تست
چوں محمدؐ را کنی تو اختیار — بالیقیں ملکیتِ تو ہر دیار
او شہنشاہِ دو عالم بالیقیں — تو بدہ در دست او دستِ یقیں
عشقِ او کردہ دلاں را تابدار — تابناکی داد و کردہ آبدار
در بلاد و شہرہا امصارہا — عربیاں را رزق ہا دینارہا
حاجیاں این رزق سوئے آں برند — فلسفۂ حج را حل شوند

گر غم و عشق محمد در دلے		ایں ترا کافیست از حج حاصلے
گر فقط معروف تو حاجی شود		تو برائے عمر بیاں پاجی شود
کہ فقط تو زرق آں آخب بری		تو بود بس حاجی خانہ پری
حج تو گر، نیست کن زیں حج گریز
کہ ریا را تو بہ ایمانت مریز!

سلام بدرگاہِ خیر الانام شفیع الامم صاحب الجود و الکرم

صلے اللہ علیہ وسلم

الصلوٰۃ والسلام اے شافع روزِ جزا		الصلوٰۃ والسلام اے ہادئ خیر الوریٰ
از گنہگاراں سلام اے شفیع المذنبیں		طالبانِ رحمت اند اے رحمۃ للعالمین
مرکزِ انوار فی الدارین ایں دربار تو		بے شبہ کافیست مارا در جہاں سرکار تو
چوں ملائک آمدند بہرِ صلوٰۃ از آسماں		آدمی را حق بود قرباں شود از دل بجاں
خانۂ صدیقۂ اکبرؓ بود در زندگی		کہ مہ و خورشید باشند محو در شرمندگی
اے حیات النبی سرگرداں، صحاباں شوند		جسدِ پاک تو کدامے بہرِ مدفن مے برند
مشورہ کردند در بیت المقدس قبر شد		پر زرِ نچوریئے دل ایں امر زیر و زبر شد
بوبکر صدیق اکبر آمد آں جاں اشک ریز		گفت بہ شنیدم از مرسلؐ ایں حدیث عطر بیز

دفن باشد ہر نبی آں جا کہ موتش آمدہ — زیں سبب باشد نبیؐ را حجرۂ ایں مقبرہ

اے سراپا نور ز انوارِ تو حجرہ نور شد — نوریاں را حجرۂ ایں جلوہ گاہِ طور شد

طور باشد مرکزِ انوارِ موسیٰ کلیم — حجرۂ تو مرکزِ انوارِ ذی العرش الکریم

ہر پیمبر آرزو دارد کہ باشد از امتش — در قیامت نورِ او ضو ریزہ باید از رخش

قدرِ تو دانند اے نورایں ہمہ نوری دلاں — تو کہ سرتاجِ نبوت سرورِ پیغمبراں

اے سراپا مشعلِ حسن و صداقت السلام
اے کہ تو جملہ مریضاں را حذاقت السلام

غازی علم الدین شہید کے مزار پر

اے مزارِ پاکِ علم الدین شہید — اے کہ قفلِ عشق را باشی کلید

تو کہ باشی مدفنِ آں عاشقے — او کہ پروانۂ آں زندہ دلے

بر شہادت گاہ او دارد قدم — داد ملت را فراغ از بیم و غم

چوں کہ بر شمعِ رسالت شد نثار — او دیارِ عشق را شد شہریار

من بر آں دلبرے باشم نثار — او کہ دل را کردہ باید بے قرار

چوں کہ گستاخی کند یک بد سگال — بے ادب ہندی نژاد آں راجپال

بد زبانی کرد در شانِ رسول — کردہ باید آتشِ دوزخ قبول

خنجرِ عاشق بہ او کرد و فنا — چاک کرد و شکم آں گستاخ را
او زایں ہنگامِ بے ادبی ملول — چونکہ دارد در دلے عشقِ رسولؐ
خنجرِ خود را چوں علم الدین کشید — بے ادب در خاک از ہیبت رسید
ملتِ عشاق از دنیا جدا است — منتہائے نظرِ آں ہا بس خدا است
در ہمہ حال او بہ حق دارند نظر — بہرِ حق کردند از جاں ہا گذر
جان را دانند جانِ مستعار — کردند او را بر رضائے حق نثار
آں کہ مسرور از مئے عشقِ رسولؐ — زندگی ہائے شدند او را حصول
چوں بگذرند او بہ ایں یک زندگی — غرق کرد موت در شرمندگی
عشقِ مرسل است آں آبِ حیات — چوں بنوشی ہیچ اثر دارد ممات
عاشقاں چوں محو اند در ذاتِ حق — متصف بودند از صفاتِ حق
چوں مجلّی شد دل از انوارِ حق — دل شود آگاہ از اسرارِ حق
بندہ باشد چوں مکمل غرقِ حق — سوز دہر باطل ز سوزِ برقِ حق
او ز دنیائے دنی شد بے نیاز — کار دارد او بہ او یک کارساز
عاشقاں را کافی است انوارِ دل — کافی است آں اولیں اقرارِ دل
کافی است آں وعدۂ میثاقِ یار — زاں زمانہ عاشقانند مست وار
عاشقاں را نیست عقل و ہوشِ تن — جذب و مستی چونکہ شد جزوِ بدن
بے نیاز انداز ہمہ سود و زیاں — چونکہ اللہ الصمد در دل نہاں

عاشقاں را از شرع حاصل فراغ
ہست دل در سینۂ روشن چوں چراغ

ظاہری آئین شد او عاقلاں
نورِ باطن در شۂ زندہ دلاں

عشق باشد برقِ عقل و ہوش را
کہ بگذرد حالِ ناؤ و نوش را

عاشقاں بودند دائم در نماز
صائم و قائم شوند اندر نیاز

آں سفر کز طول محنت شد دراز
او بہ یک قدمے گذارند پاک باز

یک قدم بر نفس چوں آرند ایں
قدم دیگر است بر عرشِ بریں

عشق از پیدائشی کہ وار نیست
اختیاری نیست ایں زنہار نیست

ہر کسے حاصل نہ جنس گراں
نیست در ہر کوہ اشرائے نہاں

نیست در ہر سنگ پارۂ عقیق
طفل را ہر زن نہ مادر شفیق

نیست ہر جا جلوۂ چوں جلوۂ طور
چوں ارسطو ہر کسے کے ذی شعور

نیست کعبۂ بہ ہر میدان را
نیست دردِ دل بہ ہر انسان را

ایں سعادت بخششِ بخشندۂ
نیست در تقدیر ہر ہر بندۂ

حاصل ایں کشتے نہ از سجدہ ہا
نے ز زہد و نے ز تسبیح ریا

فرق دارند عاشقاں از زاہداں
چوں مجاہد دارد از رہبانیاں

زاہداں ظاہر پرستی مے کنند
عاشقاں بر دار خانِ خود کشند

عاشقاں در ذات او فانی شوند
تیشۂ آفات را بر سر خورند

زاہداں بر زہد و طاعت فخر و ناز
عاشقاں بودند سر تا پا نیاز

زاہداں بر شمارِ دانہ مست اند عاشقاں برجان بازی مے برند
از مسائل زاہداں در پیچ و تاب عاشقاں ہا فارغ اند از حساب
زاہداں با آب و نم کردند وضو عاشقاں از خونِ خود اند سرخرو
زاہداں در راہ جستند روئے یار عاشقاں خورسند در پہلوئے یار
زاہداں در جستنِ مرضیٔ یار خود رضائے عاشقاں مرضیٔ یار
زاہداں دیدند دلبر در حجاب عاشقاں را جلوہ ہائے بے حساب
زاہداں سجادۂ در مسجدے عاشقاں سجدہ است زیر خنجرے
زندہ کن رسمِ شہِ شبیر را تازہ کن پیغام عالی پیر را

اے شہید ملت بیضا سلام
عاشقاں را راہنما باشی مدام

ملتِ بیضا

در جہاں موجود بیش ہا ملت اند لیک بر راہِ ہدیٰ در قلت اند
سرورِ عالمؐ، حبیبِ کبریا آں شہِ و سردار جملہ انبیاءؑ
بہرِ تکمیلِ قوانینِ زماں! آید او بعد از ہمہ پیغمبراں
داد تقویت او جان و روح را داد تسکیں ہر دلِ مجروح را

خوش تر آں امت کہ سوروداویں — دلبر حق بود ختم المرسلیں
باشد ایں امت کہ وافر خوش نصیب — ہادیٔ او بود مولا را حبیب
دیگراں را مرتبۂ ایں گدام — کہ میر بود و عملِ حق مدام
خواہ کارِ دینوی را مے کنند — ہر لمحہ او یادِ حق اندر شوند
خواہ در بازار ہا سوداگری — خواہ در محنت کنند پیشہ وری
خواہ او اندر سفر ہا مے روند — در حضر خواہ بودند و حاضر شوند
در ہمہ حال او شدند معروفِ حق — عارفاں بودند خود معروف حق
از صلوٰۃ واز وضو تابندہ تر — عضو ہا روشن تر از شمس و قمر
ملت ایں ملت ببیں ستے — نور از ہر عضو ہا پیدا ستے
نورِ حق از دیدۂ دل شد عیاں — او ہمہ اوقات باشند شادماں
او بہ چنگ و نَے نہ غافل بودہ اند — گر بہ ایں شغل اند بحق آسودہ اند
او بہ حق مشغول اند در حالِ کُل — در نظر است اسوۂ ختمِ رسل
گر نشینند او اگر برخاستند — او بہ ہر صورت بہ حق انداختند
ہر عمل را او بہ حق آراستند — خود پسندی را از دل برداشتند
محو کردند او نہ حق را یک لمحہ — دل بہ حق بستند و حق اندر نگہ
شادماں از شادمانی گرچہ اند — و از غمی دل گرچہ افسوہ شوند
لیک در ایں حالِ شادی و غمی — نا بدست در ذکرِ حق ہرگز کمی

او بہ یومِ عید کردند ذکرِ حق　　　او بہ وقتِ مرگ کردند فکرِ حق
او بہ شمشیر و سناں در ذکرِ او　　　او بہ صلح و آشتی در فکر او
تنگ دستی چوں کند داماں تنگ　　　شکوہ تقدیر آرد عار و ننگ
او بہ صبر و شکر بگزارند وقت　　　وقت بگزارند آنچہ نرم و سخت
او ز شکوہ ہا زباں بندی کنند　　　سفلگی ہا را نہ او کردند پسند
دولتِ وافر چوں دردامانِ او　　　در امورِ خیر شد احسانِ او
بہ غریباں دولتِ ایں شد نثار　　　تا شود آساں برایشاں ذکرِ یار
بر اسیرانِ بلا او نرم دل　　　بر یتیماں شد دلِ آں مضمحل
او مسافر را دہند نان و خورش　　　خدمتِ بیچارگاں ہا بر سرش
ایں طریقۂ علیؓ المرتضٰے[1]　　　در عمل آرد مسلماں بے خطا
ایں ہمہ اوصاف ایں کردارہا　　　کردہ باشند دل پُر از انوارہا
نورِ اعمالِ نکو دل را غذا　　　ایں مجلّٰی کرد جان و روح را

نورِ ایں کرد د میتقش ملتے
ملت بیضاست ابیض ملتے

مسلماں

مسلماں! مسلمان بننا ہے بہتر — کہ ایماں کے سانچے میں ڈھلنا ہے بہتر
سچائی کی توفیق تجھ کو خدا دے — خدا کی قسم کھا کے یہ تو بتا دے
ہے اسلام سے تجھ کو کتنی محبت — مسلمان بھائیوں سے کتنی مُوَدّت
ہے اخلاق میں تیرے کتنی مروت — غریبوں سے کتنی ہے دینی اخوت
خلوص اور اخلاق کی کتنی رنگت — عمل میں ہے ایمان کی کتنی یگانگت
ہے خود غرضیوں سے تجھے کتنی نفرت — ہے کتنی منزّہ و پاکیزہ فطرت
حسد کی مرض سے بچا کس قدر ہے — اجالا ہے گھر میں یا تاریک گھر ہے
نفاق دلی نے اجاڑا ہے تجھ کو — تکبر نے کتنا بگاڑا ہے تجھ کو
دیا تجھ کو ابلیس نے ہے سہارا — بڑا تاک کر تجھ کو ہے تیر مارا
تجھے تیری منزل سے بھٹکا لیا ہے — تجھے اپنے پیچوں میں الجھا لیا ہے
تو رحماں کو بھولا تو قرآں کو بھولا — تو شیطاں کی ابلیسیت پر ہے پھولا
دکھاتا ہے دنیا کمانے کی راہیں — جمی سبز باغوں پہ تیری نگاہیں
ہے دنیا میں شیطاں کا تو نام لیوا — کھلاتا ہے وہ اپنے باغوں کا میوا
ہے لذت، مگر اس میں برکت نہیں ہے — ہے انجام تلخی، حلاوت نہیں ہے
ہے شیطاں کا شاہکار دنیا میں رشوت — ہے ناپاک شے سے مسلماں کو رغبت

یہ حق ہے مسلماں مسلماں نہیں ہے — مسلماں میں پہلا سا ایماں نہیں ہے
وہ شوخئ کردار و اعمالِ صافی — طبیعت کے کیوں ہو گئے ہیں منافی
خدا سے تعلق جب اس نے ہے چھوڑا — تو طاغوت نے رشتہ ناطہ ہے جوڑا
مسلماں کبھی تھا جو اللہ کا بندہ — گلے میں اب اسکے ہے شیطان کا پھندا
خدا اس کے پھندے سے سب کو بچائے — جو ہے راہ اچھی اسی راہ لگائے
نمازوں میں ہو صدق و اخلاص قائم — مقام خدا سے ڈریں دل میں دائم

مسلماں مسلماں ہو تو خوف کیا ہے
کہ یہ اُمتِ حبیبِ خدا ہے

ہنگامِ صبح

مرغانِ سحر نغمہ سرا ہیں اے مسلماں — بیدار ہو تو بھی کہ ہوئی صبح درخشاں
مخلوق کا سردار ہے اشرف ہے تو انساں — یہ حق ہے کہ دربار میں آ شک بداماں

ہنگامِ سحر یادِ خدا میں ہوئی مشغول — مخلوق خدا کا ہے ابد سے ہی یہ معمول
سونے کی طرف کیوں ہے توجہ تری مبذول — اٹھ ذکر میں ہو محو بن اللہ کا مقبول

تہجد میں نہاں یار کے جلووں کے اشارے　　　　بیدار ہو کیوں نیند کے لیتا ہے سہارے
تیار وداع ہونے کو ہیں رات کے تارے　　　　کر یادِ خدا کام ترے اللہ سنوارے

کر ذکر کہ ہے ذکر میں مشغول ہر اک چیز　　　　پھر بنتا ہے کچھ چیز بنے پہلے جو ناچیز
تو بندہ بنے تاکہ خدا کی ہے یہ تجویز　　　　ہے ساری زمیں تیرے لیے کعبہ کی دہلیز

تو خیرِ اُمم اُمتیِ ختمِ رُسل ہے　　　　سب نبیوں میں افضل ہے وہ دانائے سُبل ہے
وہ نبی ہر اک چیز ہے مالکِ جزو و کل ہے　　　　منعم ہے وہ مُقسِم ہے وہ مُعطیِ ازل ہے

میخانۂ توحید سے یہ جام پیے جا　　　　خدمت ہے ترا کام تو یہ کام کیے جا
منعم سے تو منہ مانگے انعام لیے جا　　　　دنیا کو محبت کا یہ پیغام دیے جا

تو دنیا کمانے کی نہ سوچ ایسی سبیلیں　　　　ابلیس کی شامل ہوں جہاں پختہ دلیلیں
دنیا کے شیاطین ترا خون نہ پی لیں　　　　تو پھاند جا اک کام سے ہی ان کی فصیلیں

حاشیہ: أَقِمِ الصَّلٰوةَ لِدُلُوكِ الشَّمْسِ إِلٰى غَسَقِ اللَّيْلِ وَقُرْاٰنَ الْفَجْرِ إِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُودًا وَمِنَ اللَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ عَسٰى أَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُودًا ○

ایماں کے خزانے پہ مسلط نہ ہو شیطاں
الجھائیں نہ دامن کو ترے دنیا کے ساماں
اے حق کے پرستار تو بن حق کا ہی جہاں
تو بندۂ طاغوت نہ بن بندۂ یزداں

رستے سے بھلاتے ہیں یہ دنیا کے چھلاوے
ہیں مشتعل آتش دوزخ کے یہ کاٹے
یہ نفس چھلاوہ تجھے دیتا ہے بھلاوے
اشرار کے شر سے تجھے اللہ بچائے

بیدار ہو کر ذکر حمد اللہ کے بندے
کہ تجھ سے لپٹ جائیں گے پھر دنیا کے دھندے
الجھائیں گے دن بھر تجھے سنسار کے پھندے
ہنگامِ سحر بندگی کر، اللہ کے بندے

شاید[لہ] ہے ترا رب ہو اس یاد سے خوشنود
تحمیدِ الٰہی سے تو بن جائے گا محمود
ہو جائیں گی غیر اللہ کی راہیں سبھی مسدود
پڑھ دل کا قرآں فجر کو، بن شاہد و مشہود

ڈس جائے نہ غصے کا تجھے سانپ خبردار
شہوات کا ہو بھوت نہ سر پہ ترے اسوار
اور حرص کے بچھو نہ تجھے دیں کوئی آزار
دشمن ہیں یہ ایمان کے ہشیار رہو ہشیار

لہ حاشیہ صفحہ ۶۶ پر دیکھیں۔

حال و قال

حال سے خالی نہ سمجھو ہر شکستہ حال کو
حال سے نسبت بھلا کیا ہے زباں کی قال کو

یہ زبانی ہائے و ہو کیفیت سے رنگیں نہیں
مضطرب رکھتی ہے، اس میں قلب کی تسکیں نہیں

دُنیوی اذکار کا کیا ذکر ہے! ذکرِ خُدا
گر زباں سے کیجئے تو ہے یہ ذکرِ لقلقہ

حال ہے اک کیفِ باطن، حال ہے اک کشفِ دل
حال عشق و جذب و مستی حال ربط و ضبطِ دل

حال ہے فکرِ خدا، و حال ہے ذکرِ خدا
حال ہے محویتِ حق، حال روحانی غذا

ذاتِ حق میں محو تھے منصور ضبطِ حال سے
حال و مستی کب عیاں ہوتے ہیں قیل و قال سے

سرِ حق جب ہو گیا ان کی زباں پہ آشکار
اور جب کرنے لگے نامحرموں کو رازدار

تو ہوئی مستوجبِ تکفیر سب یہ قیل و قال
اے خوش آں حالے کہ در مقدورِ تو شد ضبطِ حال

ہے فقیروں کا ادب لازم تمہیں اے اہلِ قال
گو پراگندہ نظر آتا تمہیں ہو ان کا حال

جب خدا یاد آئے درویشوں کے ہو کر ہم جلیس
بایقیں درویش ایسے ہیں خدا کے ہی انیس

دے فراغ انسان کو جو دنیوی جنجال سے
مردِ کامل ہے مزین وہ حقیقی حال سے

جو ہیں دل بیدار ان کو کیا ہے ثمر ناؤ ذ لوش
ہیں یہ بے پرواہ شاہنشہ بظاہر دلق پوش

حال ظاہر گو ہے آوارہ و بے ہنگام سا
ہیچ و ناکارہ سا ہے ہر کام ہی ناکام سا

اور بظاہر گو ہیں نادار اور تہی ساماں ہیں
دل کی دولت سے یہ مالا مال و پُر داماں ہیں

اہلِ دولت کے ہیں گر محتاج دنیاوی فقیر
تو درِ فقرا کے حاجتمند ہوتے ہیں امیر

نمودِ بے ہنگام

دیتا ہوا نظروں کو دعوت یہ حسن مچلتا جاتا ہے
ذہنیت بدلی، نسوانی اسلام بدلتا جاتا ہے

کشتیٔ شرم و حیا ڈوبی ہے بے شرمی کے دھاروں میں
تہذیب کے معنی بھی بدلے اور نام بدلتا جاتا ہے

توقیر ہے عفت و عصمت میں ایمان چھپا کے پردے میں
صد حیف مسلماں عورت کا اب کام بگڑتا جاتا ہے

بازار میں بن ٹھن کر سب کی نظروں کا تماشا ہو جانا
آغاز تماشے کا ہے عجب، انجام بدلتا جاتا ہے

جب حسن کی دولت یوں بکھری، آتی ہے نظر بازاروں میں
پیراہن کہن سالہ کا بھی واں گام بدلتا جاتا ہے

نامحرم مردوں کی نظریں کرتی ہیں تعاقب دور تلک
تیرا اے پیکرِ نسوانی جب گام بدلتا جاتا ہے

قرآں کا تو فرمان ہے ڈھانپو چہرہ کی تم زیبائی
فرمان مگر شیطان کا صبح شام بدلتا جاتا ہے

برقعہ تھا حجاب نسوانی اب حسن نمایاں ہے اس سے
تہذیب نئی میں برقعے کا اقدام بدلتا جاتا ہے

پردے سے اپنے چہرے کو غیروں سے چھپانا مقصد تھا
لیکن اب چھپنے چھپانے کا سب کام بدلتا جاتا ہے

جب مصر و ایران ترکی میں نسوانی دنیا سب بدلی
اب پاکستان بھی بے چارہ ناکام بدلتا جاتا ہے

مسدود جہاں میں ہو نہ سکیں تہذیبِ فرنگی کی راہیں
ان راہوں پر چلنے والا ہر گام بدلتا جاتا ہے

اللہ ہی کو ہے معلوم کہ ہے کیا راز ایسی بے شرمی میں
رخ نسوانی ذہنیت کا کیوں عام بدلتا جاتا ہے

خاموش امیرؔ کی طرح ہیں حق بین زمانے میں سارے
کہ عزت و شرف کا نئی لغت میں نام بدلتا جاتا ہے

نگاہِ مردِ مومن سے بدل جاتی ہیں تقدیریں

بتا دیتے منجم ہیں مقدر کی بہت خبریں
جتا دیتے ہیں رمال آنے والے دور کی باتیں

مقدر کا بدل دینا نہیں بس میں مگر ان کے
کہ علمِ خام کی حد سے نہیں آگے ذرا بڑھتے

مگر وہ اولیاء اللہ پاک اعمال کے والی
نہیں آلودۂ دنیا ہے جن کی فطرتِ عالی

منزہ ہر برائی سے سرشت پاک ہے جن کی
ز سر تا پا سراسر نور مشتِ خاک ہے ان کی

مقدر میں تصرف اور تبدل ان کو کیا مشکل
نہیں دنیائے دُوں میں جن کو کوئی کام لاینحل

کتاب بہجۃ الاسرار میں ہے یوں بیاں آیا
مریدِ شیخ احمد کا ہے قصہ یوں عیاں آیا

تھا متمول بڑا اک تاجرِ خوش دام حضرت کا
اٹھا اک بار دل میں اس کے شوق ایسا تجارت کا

خریدا بہت ساماں اور ارادہ سفر کر کے
وہ آیا پاس مرشد کے اجازت کیلئے گھر سے

تو حضرت نے یہ فرمایا نفع تم کو نہ کچھ ہوگا
زیانِ مال و جاں کے ماسوا حاصل نہ کچھ ہوگا

ارادہ ترک کردو تم تجارت کا نہ اب جاؤ
مصیبت میں نہ اپنی جان کو یوں مفت پھنساؤ

مراقب ہو کے دیکھا ہے سراسر اس میں نقصاں ہے
فقط اک مال کیا اس میں تمہارا خطرۂ جاں ہے

بہت کچھ سا ہوا مایوس سن کر شیخ کا فرماں
کرے کیا جو خریدا تھا تجارت کا یہ سب ساماں

خریدا ہی نہ جاتا مال گر پہلے خبر ہوتی
نہ کرتا کوفت پہلے ہی اجازت نہ اگر ہوتی

خیال آیا کہ شہرت ہے جنابِ غوث الاعظم کی
ہو مشکل حل چلو خدمت میں اس مردِ معظم کی

تھے حجرۂ مقدس میں حضورِ غوثِ صمدانی
کہ تخلیہ میں تھے آں حضرتِ محبوبِ سبحانی

مناسب وقت جانا اور کی یہ عرض یا حضرت
مگر اب میرے مرشد نے منع مجھ کو ہے فرمایا
منع مجھ کو ہے فرمایا سفر کو ترک میں کر دوں
ہے مال اتنا خریدا ہوں میں حیراں کیا کروں اسکو
نہ گھبراؤ سفر پر جاؤ ہو کر منتفع آؤ
روانہ ہو گیا جرأت سے سوئے شام وہ تاجر
مڑا اپنے وطن کو سیر ہو کر مال و دولت سے
یہ دیکھا خواب کہ لوٹا گیا ہے قافلہ سارا
اور اس کا اپنا مال و زر بھی چھینا جا چکا ہے سب
وہ سمجھا شیخ کے فرمان کی تصدیق ہے ساری
بھیانک خواب میں ڈر سے جو جاگ آئی تو کیا دیکھا
ذرا ہوش و حواس آئے ٹھکانے تو کہا اس نے
یہ سپنا تھا ہے شکرانہ، نہ بیداری کا عالم تھا
بخیریت سلامت اپنے گھر جب آ گیا تاجر
کہا حضرت سفر سے میں سلامت ہو کنار آیا
مجھے تو اس سفر سے آپ نے اتنا ڈرایا تھا
مراقب ہو کے حضرت نے اٹھایا سر یہ فرمایا

لیا مالِ تجارت ہے لگا کر بہت سی دولت
مرے اس مال میں نقصاں مرا ان کو نظر آیا
زیاں مال و جاں کی راہ میں ہرگز نہ میں جاؤں
تو غوثِ پاک نے ہو کر مراقب یوں کہا اس کو
تم آؤ گے صحیح سالم نہ دل میں خوف کچھ کھاؤ
نفع سے مال بیچا اور خریدا مال اور اکثر
کہ گھبرایا ہوا اٹھا وہ اک شب خواب راحت سے
اور ان ڈاکوؤں نے ہے جان سے بندوں کو بھی مارا
بچے گی جان بھی مشکل نظر آتا ہے ایسا ڈھب
نہ مانا حکم، غلطی مرتکب اس سے ہوئی بھاری
صحیح سالم ہے مال اور جان سب اور قافلہ سارا
خداوندا نظر آئیں نہ دشمن کو بھی یہ سپنے
وگرنہ جان کا ڈر مال کے ڈر سے نہ کچھ کم تھا
مقدس جا، شیخ احمد کی حضوری میں ہوا حاضر
نفعِ مال و زر سے میں ہی ہو کر ہم کنار آیا
حضوری میں مگر زندہ سلامت ہی ہوں یہ بیٹھا
جناب غوث الاعظمؓ نے کرم مجھ پہ ہے فرمایا

کہ بیداری کے عالم کو بدل ڈالا ہے یوں یکسر — تمامی کیفیت کر دی ہے وارد خواب میں تجھ پر
تمہارے جسم پر جو واقع ہونے کو تھی ساری — تمہاری روح پر کر دی وہ حالت آپ نے طاری
تصرف غوث الاعظم نے کیا جو امر میں پیدا — ہے استعداد ان کی ہی نہیں ہے کام ہر اک کا
گیا مابعد وہ تاجر حضورِ غوثِ صمدانی — کیا شکریہ اور جھک کر نیاز و نذر گزرانی
کہا صدقے میں حضرت کے خدا نے یوں بچایا ہے — یہ بندہ گھر کو واپس خیر و عافیت سے آیا ہے
تو حضرت نے یہ فرمایا کہ وہ مردانِ کامل ہیں — جو قدرت میں مقدر کو بدل دینے کے حامل ہیں
مقدر تو بتا دیتے ہیں جوگی جوتشی اکثر — بدل دینا مقدر کا مگر ہمت سے ہے باہر
ودیعت ان ہی خاصان خدا کو ہے یہ سب قوت — خدا سے جن کو حاصل ہے کمالِ شانِ عبدیت

امیرؔ انکار کیا ہم کو حقائق کی حقیقت سے
یہ لازم ہے بزرگوں کی کریں خدمت عقیدت سے

قدحِ صحابہؓ

حضرت ابوبکرؓ و عمرؓ سے دشمنی اچھی نہیں — اے مدعیِ حبِّ علیؑ یہ کجروی اچھی نہیں
اچھا نہیں آیات قرآنی کو جھٹلانا تمہیں — اور یوں غلط انداز سے ہر بات بتلانا تمہیں
تمثیل جن کی ہے بیاں توریت اور انجیل میں[1] — اور شان جن کی ہے عیاں قرآن کی تنزیل میں

---

[1] محمد رسول اللہ — مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرَاةِ وَمَثَلُهُمْ فِي الْإِنجِيلِ — القرآن

پھر اخترا و کذب سے جھٹلاؤ گے تم ان کو کیا
مہرِ منور پر اگر تم خاک اڑاؤ گے تو کیا

کیا واقعی مطعون ہیں صدیق رضؓ و فاروق رضؓ و غنی رضؓ
یا خود سراسر لغو ہے تمہاری یہ طعنہ زنی

فعلِ تشنیع پر کس طرح بچوں کو اکساتے ہو تم [1]
اور ناروا الفاظ کے اسباق رٹواتے ہو تم

کرتے ہو کیا معصوم آئینوں کی تم نقشہ گری
کیا دین ہے یہ لعنتیں برسانے کی پیشہ وری

دشنام بازی میں نظر آتی ہے کیسی بہتری
بغضِ ثلاثہ پر ہی کیا موقوف ہے حُبِّ علی

اخلاقِ حسنہ ایک مسلم کا ہے مابہ الامتیاز
اور بدزبانی پر مسلماں کو نہیں ہوتا ہے ناز

کیوں گالیاں بکنے کو تم نے ہے بنایا حرزِ جاں
اس میں نظر آئی ہیں جو وہ کون سی ہیں خوبیاں

ہم پر یہ لازم ہے زباں سے ہم کریں ذکرِ اللہ
جس کی زباں گندی ہو اس کا دل بھی ہوتا ہے سیاہ

مذہب وہ کیا مذہب ہے جس کا رکنِ اعظم ہو یہی
دل میں صحابۂ محمد صلعم سے ہو بغض تلخی

جو پاک لوگوں پر ہمیشہ باندھتے ہیں اتہام
اللہ ہی جانے کیا ہے ان کی آدمیت کا مقام

---

[1] کاروباری سلسلہ میں مصنف کو ایک ایسے گاؤں میں سے گزرنا پڑا جو قریباً تمام شیعہ امامیہ مذہب کے لوگوں سے آباد تھا۔ وضع قطع مولویانہ کے باعث بچوں کے ہجوم جو ایک درخت کے نیچے سائے میں بیٹھے تھے بڑے زور سے السلام وعلیکم مولوی جی کہہ کر شور مچانا شروع کر دیا۔ عمرا۔ بکرا۔ عمرا۔ بکرا (حضرت ابوبکرؓ و عمرؓ کے نام)

اہل دنیا و اہل اللہ

سدا اہل دنیا کا ہے یہ شعار
کہ رکھتے ہیں دنیا سے ہی وہ پیار

بھاتی ہیں ان کو سدا خواہشات
ہیں لذات میں مست دن اور رات

سدا کام کرتے ہیں من بھاونا
ہے مرغوب بس چاہ کی چاہنا

عمل ان کے ہیں شرع کے برخلاف
ہیں کرتے رہِ حق سے یہ انحراف

نہ سمجھیں عمل ہے صحیح یا غلط
ہے مقصد ہی مطلب براری فقط

ہیں کرتے فقط نفس کی پیروی
نہیں جانتے بہتری ابتری

حسد دل میں ہے یا ہے بغض و عناد
رعونت تکبر تمرد، فساد

لیے پھرتے ہیں یہ جو سینے کی گور
نہاں اس میں ہیں عقرب و مار و مور

اسی وجہ سے ان کو بعدِ وفات
مقدر میں ہوتی سدا ہے یہ بات

کسی گور میں کنکھجورا نہاں
تو ہیں سانپ بچھو کسی میں عیاں

کسی سے نکل کر وہ نیولا گیا
گڑھے میں ہے بجو کہیں چھپ رہا

وہ جھاڑی اگی جو سرِ گور ہے
وہاں چھپ گئی لومڑی چور ہے

یہ دیکھو پرانی سی جو قبر ہے
ہوئی مٹی سب زیر اور زبر ہے

گڑھا سا لحد تک ہے اک جا رہا
اندھیرا ہے اس میں نظر آ رہا

نکل کر بکرا اژدہے کی گئی ۔۔۔ صفائی سے ہے دور تک جا رہی
بتاؤ دفن قبر میں کون تھا ۔۔۔ رعونت میں اپنی یہ فرعون تھا
تمرّد کے سینے میں تھے اژدہے ۔۔۔ تھے سر میں بہت سرکشی کے نشے
وہی قبر میں اس کے دمساز ہیں ۔۔۔ پسِ مرگ بھی اس کے ہمراز ہیں
جو کرتا ہے دنیا میں جیسا عمل ۔۔۔ تو پاتا ہے وہ اس کا ویسا ہی پھل
سدا اہل اللہ کا ہے یہ خیال ! ۔۔۔ نہ گمراہ کرے ان کو دنیا کا مال
ہے دنیا کا سارا سماں عارضی ۔۔۔ نہیں کرتے وہ اس سے دل بستگی
نہیں کرتے وہ کسی کا غصب ۔۔۔ خدا کا ہے یاد ان کو قہر و غضب
نگہداشت میں ہیں حقوق العباد ۔۔۔ حقوق الٰہی بھی ہیں ان کو یاد
انہیں آدمیت کا حاصل کمال ۔۔۔ خیال ان کا نیک اور فرخندہ حال
نہیں ان سے آزردہ ہوتا کوئی ۔۔۔ ہے پاس ان کے آزادی و خرمی
ہے دنیا میں ان کی محبت بہشت ۔۔۔ ہے پاکیزہ اور کامل ان کی سرشت
اسی باعث ان کا بوجب انتقال ۔۔۔ تو کہتے ہیں سب ہو گیا ہے وصال
مقابر ہیں ان کے مبارک مقام ۔۔۔ ہیں بنتے زیارت گہ خاص و عام
چھڑکتا ہے عطر ان پہ آ کر کوئی ۔۔۔ چڑھاتا ہے پھول ان پہ جا کر کوئی
کوئی آن کر ڈالتا ہے غلاف ۔۔۔ کسی کو عقیدت کا ہے اعتراف
ہے کلیوں کے گجرے چڑھاتا کوئی ۔۔۔ محبت سے ہے چوم جاتا کوئی

چراغ ان پہ روشن ہیں کرتے مدام
تلاوت کا کرتے ہیں لوگ اہتمام

یہ ہیں پاک لوگ اسمیں کچھ شک نہیں
یہ دنیا کے بندوں سے ہیں بہتریں

کہ ہے قبر میں ان کی نیکی کا نور
منور قبور ان کی ہیں بالضرور

انہی نیک بندوں کی برکت ہے یہ
انہی سے ہی حاصل سعادت ہے یہ

یہ تھے زندگی میں اگر رکنِ دیں
تو اب ہیں یہ بنیاد و رکنِ زمیں

ترے حق میں اپنی دُعا ہے امیر
ہو ان کی توجہ سے روشن ضمیر

سنسار ہے اک منجدھار

بالک ناری نگر دیس کے موہ میں منوا پھانس گیا
سنساری دھندوں کے لوبھ میں بہتا ہر ہر سانس گیا
رشتے ناتوں کی دلدل میں ہردا متر دا پھانس گیا
چمک دمک سب کھوئی گئی اور من کا جوہر کانس گیا

بڑے بڑے سنساری دھندے جن کے اوڑک مندے ہیں
گا پھل جو بھگوان سے کر دیں وہ کارج سب گندے ہیں

من کو یہ چتمن میں ڈالیں یہ کمندے پھندے ہیں
ان پھندوں میں کاہ پھسن وہ جو بھگون کے بندے ہیں

دنیا نام ہے کام کرودھ موہ لوبھ ہنکار کا اسے پیارو
نرمل رہے جو ان باتوں سے مکتی اس کی ہو یارو
من کی شدھی ہو جب سیس کو شگور چرنوں میں وارو
شگور اپدیشک کو سدا ہی اس سنسار میں نشچا رو

سری محمدؐ جہاں گورو کا ہے اتم اپدیش ایہا
موہ سنساری لوبھ کی رکھنی من میں بڑا کلیش ایہا
یوگی بندہ سوئی جو رکھے من کو صاف ہمیش ایہا
من کے شیشے میں برھم کو جو دیکھے درویش ایہا

امیر جیلانی من کی چنچلتائی دور نہ ہوئی جے
جوگ نگر کی رہ بھل کر آتم کلیانی کھوئی جے
تاں پھر لوک پرلوک اندر نہ کدھرے ملسی ڈھوئی جے
سب اکارتھ مردہ دل دی کرے کوئی دلجوئی جے

عرض پیش حضور شافع یوم النشور

اے شمع نور فروزاں کر ہے تجھ کو جذب نظر کی قسم
اور جلوۂ حسن دے پروانوں کو تجھ کو شمس و قمر کی قسم

واللیل کی زلفوں سے چہرہ والضحیٰ کی صبح درخشاں سا — جب ڈھانپ لیا تو پروانوں کو اور بھی کچھ بیتاب کیا
طٰہٰ ہے طیّب طاہر تو ترے جسدِ پاک اطہر کی قسم
اے نور سراپا! نور ترے بہتر کی قسم مہتر کی قسم

تو پاک منزل الیسیں ہے چمن وحدت کا گلچیں ہے — تری یاد سے ہر محفل مجلس کے دل کو ہوتی تسکیں ہے
تری ہر اک شے ہی مشکیں ہے تری کندھوں والی مہر کی قسم
ہر شے تیری منجلی ہے دندان پاک گہر کی قسم

مری ظلمتِ عصیاں کی سیاہی کو دور کرو دل سے مولا — کوئی نورانی دربار نہیں اس دنیا میں تو رے در جیسا
میں جیسا ہوں میں ہوں تیرا ابو بکرؓ و جناب عمرؓ کی قسم
اور تیرے غنیؓ عثمان کی قسم اور کرار حیدر کی قسم

دنیا مولا مے من میں جو ہے رچی یا موہ محبت جو ہے رتی — کرو صاف مرے دل سے اے سخی اور اپنی محبت ڈال دمی
ہے نفس سے خدشہ بہت مجھے سلمانؓ کی قسم بوذرؓ کی قسم
تکیہ ہے تم از ہرہؓ کی قسم شبیرؓ کی اور شبرؓ کی قسم

نغمۂ پنجم
مرتبہ و مصنفہ حکیم سید امیر جیلانی شاہ

صدقہ میں بلالِ حبشی کے اور پاک اویسؓ قرنی کے   مری مشکل حل کرو مولا بہ وسیلہ حسن بصریؒ کے

اوّل کی قسم آخر کی قسم باطن کی قسم ظاہر کی قسم

مُعطی کی قسم قاسم کی قسم طیب کی قسم طاہر کی قسم

دنیا کی طلب نہ دل میں رہے چڑھیں نہ خمار کے ایسے نشے   تو اپنے رنگ مُظہر سے صباغ حقیقی رنگ مجھے

دے امیر کو تسکیں یا مولا تجھے شیخ عبدالقادر کی قسم

اور پاک وسیلۂ مرشد شاہ غلام جیلاں رہبر کی قسم

منزلِ عشق

مرشد کی نظر جب ہو جائے تو غم کے بادل چھٹ جائیں

ہوں نور کی کرنیں ضو افگن تو دل سے اندھیرے ہٹ جائیں

جب عُروۂ وثقیٰ محکم ہو اور رابطِ الٰہی قائم رہو

زنجیریں دنیا داری کی سب ہٹ جائیں اور کٹ جائیں

سب دل کی سیاہی چھٹ جائے اندھیرا سارا ہٹ جائے

نظریں ہوں کامل مرشد کی تو تقدیریں بھی پلٹ جائیں

مرشد کے درِ دولت سے رہے دائم یہ ربط و ضبط دِل

اور دل کی تمنائیں ساری اس مرکز پہ ہی سمٹ جائیں

اس شعلۂ سوزِ نہاں سے ہی ہوتا ہے تغیّر دنیا میں
کھا جائیں جوش سمندر بھی پتھروں کے سینے پھٹ جائیں
ہے علم کی راہ طویل بڑی اور عشق کی راہ سہیل بڑی
سر دے کے سودا چک جائے تو منزل پر جھٹ پٹ جائیں
یہ کام بڑا مشکل تو نہیں اک جان لڑانی پڑتی ہے
سر دھڑ کی بازی لگنے سے جھگڑے سارے ہی نپٹ جائیں
ہے کام سہل جانبازی کا پروانے سے جا کر سیکھو
ہے پریت کی ریت یہی اک ہی اک آن میں رستے کٹ جائیں
پریتم کی لگن میں ہو جا مگن کہ پتنگ کی طرح بھاگ جگن
اس پریم اگنی میں جلن مرن سے سنساری دُکھ ہٹ جائیں

حکام اور علماؔ

مسلمانوں کو یا اللہ سیدھی راہ پہ لے آ
چھڑا دے چاہ دنیا کی تو اپنی چاہ پہ لے آ
تو کر پختہ ارادوں کو عقیدوں میں درستی کر
خداوندا محمدؐ کے مریدوں کی درستی کر
بلا شک قہر ہی دنیا میں سیلابوں کے طوفاں ہیں
مگر بندے ترے ان سے بہت کچھ اب پریشاں ہیں
ہے مولا قہرمانی قوتوں کا جیسے تو مالک
دلوں کی کیفیت کا بھی ہے ایسے ہو بہو مالک

بدل دے اس طرح سے ہی دلوں کی کیفیت کو بھی — کہ جیسے ظاہری حالت ہے دنیا کی بدل ڈالی

بدل دے بر سرِ ممبر خطیبوں کی ضمیروں کو — تو کر تبدیل سجادہ نشینوں اور پیروں کو

جنہوں نے ملتِ بیضا کی بنیادیں ہلا دیں ہیں — کہ تصویریں محبت کی دلوں سے ہی مٹا دیں ہیں

مسائل میں نفاق و اختلاف و بُغض بھر ڈالا — ہے شیرازۂ ملت منتشر اس طرح کر ڈالا

کہ ہے جھگڑے پہ ہی موقوف مذہب کی بنا ساری — دلوں سے ہوگئی عُنقا محبت کی رواداری

بدل دے افسروں کے ذہن و دل کو تو دفاتر میں — کہ رشوت اور سفارش کو کبھی لائیں نہ خاطر میں

خداوندا انہیں اپنے خزانہ سے فراست دے — کہ یہ حق پر چلیں ہر دم انہیں دینی سیاست دے

خشیت سے سرِ ممبر ہے مُلّا پھر بھی ڈر جاتا — خدا کا خوف کرسی پر مگر افسر ہے کب کھاتا

خداوندا اگر حکام اور علماء سنور جائیں — تو تقدیریں زمانے بھر کے لوگوں کی سدھر جائیں

اگر ملت بنانے کے لیے دونو کی ٹھن جائے
تو ہے امید یہ مجھ کو کہ بگڑی بات بن جائے

امیر

مجموعۂ کلام

صوفی غلام رسول صاحب ضیائی

(مقام خانپور۔ تحصیل ٹوبہ ٹیک سنگھ)

از خادمان

سیّد غلام جیلانی شاہ صوفی قادری

چک نمبر ۴۷۷ پیر کوٹ کلاں

ضلع لائل پور

سلام

بحضور سید الشہدا حضرت امام حسین علیہ السلام

سلام علیٰ شاہِ رنگیں قبائے سلام علیٰ سر خسرو دلربائے
سلام علیٰ زینتِ دوشِ احمدؐ سلام علیٰ صورتِ عین احمدؐ
سلام علیٰ نورِ عینین حیدر سلام علیٰ طورِ کونین حیدر
سلام علیٰ ہادی و دیں پناہے زہے خوبی و شان زہے قبلہ گاہے
سلام علیٰ حاصل دین احمد سلام علیٰ مظہرِ نورِ احمدؐ
سلام علیٰ خیرِ شام و پگاہے سوارِ براق شہِ ذوالجناحے
سلام علیٰ تاجدار شہادت سلام علیٰ شاہکارِ شہادت
سلام علیٰ دولہائے کربلائے شہیدِ معظم شہیدِ رضائے
سلام علیٰ انس و جاں دیدہ گریاں کہ نوحہ کناں در غمِ شاہِ دوراں
سلام علیٰ مخزنِ شانِ رحمت سلام علیٰ ابرِ ذیشان رحمت
سلام علیٰ ملجائے جانِ ایماں سلام علیٰ ما و لئے کانِ ایمان
بہ بیں بر رُخے ماہرو شہسوارے غمِ جانگزارے غمِ دلفگارے
کسے سینہ بریاں رواں سوئے دارے ببیں بر غلامے ببیں جاں نثارے
کرم بر ضیائی کہ بسمل نگاہے حضورِ شہنشاہ بیا رد د آہے

حقائق و معارف

غ
جو خودی کے راز کو اپنا گئے — خود سے گذرے اور خدا کو پا گئے
خود بنے طالب بھی اور مطلوب بھی — جو تڑپتے تھے وہی تڑپا گئے
جلوہ پیرا کس جگہ ساقی نہیں — ایک ہی گردش میں تم گھبرا گئے
ہو گئی خود آگہی جن کو ندیم — لا مکاں میں بھی مکاں کو پا گئے
پرسشِ غم کس مسیحا دم نے کی — کون تھے جو بجلیاں برسا گئے
روئے انور سے نقاب اُٹھو ذرا — ہوش میں پھر تیرے میکش آ گئے
ان کی زلفوں کی اندھیری رات میں — گم ہوئے ایسے کہ منزل پا گئے
حسن یوں مچلا کہ بجلی بن گیا — عشق یوں رویا کہ طوفاں آ گئے
خواب تھے ویراں ہوئے ان کے بغیر — چاند امیدوں کے سب گہنا گئے

تم نے کیا دیکھا ضیائیؔ حسنِ یار
ایک ہی جلوے پہ بس اترا گئے

غزل

ہر ذرّہ شعلۂ طور بنے اور دریا ساحل ہو جائے — جس سمت ہو ان کی نظرِ کرم وہ ناقص کامل ہو جائے
جب ان کے تصور ہی سے اک سینے میں تلاطم برپا ہو — اٹھ جائیں حجابِ حسن اگر پھر جینا مشکل ہو جائے
ہر گام پہ سجدے ہوتے ہیں اور راہ میں آنکھیں بچھتی ہیں — اللہ کرے وہ جانِ جہاں کہیں رونقِ محفل ہو جائے
دُزدیدہ نگاہی ہیں اُن کی اک تیرِ قضا پوشیدہ ہے — اک شورِ قیامت برپا ہو وہ جو زینتِ محمل ہو جائے
دل والو جس کی دنیا میں سودائے حسن و عشق نہ ہو — برباد ہو وہ دنیائے دل اور پتھر وہ دل ہو جائے
سرمست نگاہوں کا صدقہ کچھ ایسی پلا دے آنکھوں سے — یہ نظرِ پریشاں الفت میخواروں کی منزل ہو جائے
اے دردِ محبت، وہ گھڑیاں اے کاش پلٹ کر آ جائیں — پھر رشکِ بہاراں سامنے ہو اور رقصِ بسمل ہو جائے

اے جانِ ضیائی اتنا تو الطاف نظر ہو مضطر پر
گر ہیں نہ سہی تو آہ مری نظاروں میں شامل ہو جائے

غزل

ترا غم ہے وجہِ قرارِ دل و جاں — ضیا دادِ الفت، جلا بخشِ ایماں
خلوصِ محبت سے گر آزماؤ — یہ دل کیا ہے کہ دوں میں دارین قرباں
نقاب اپنے چہرے سے گر تم الٹ دو — تو از کارِ رفتہ ہوں اہلِ گلستاں

ترے گیسوؤں کو سنوارا ہے کس نے — کہ مشاطۂ دل ہے دست و گریباں
کہیں اپنا دامن نہ رہ جائے خالی — پھر آیا ہے جوبن پہ رنگ گلستاں
ترے دم سے ہی آج تک ہے وہ روشن — چراغ سحر تھی وہ شمع شبستاں
سلامت رہو ناز فرمانے والے — کوئی دل گرفتہ ہو یا سینہ بریاں
بساطِ محبت الٹ دی ہے کس نے — قیامت سی برپا ہے کیوں زیرداماں
قریب اب تجھے ہے منزلِ جاناں اے دل — ذرا صبر! لٹنے کو ہے تیرا ساماں
وہ پھر چاک داماں سے اب پھر رہے ہیں — کہیں کوئی برپا نہ ہو جائے طوفاں
یہ کون آ رہا ہے ذرا تم بھی دیکھو — حضورِ محبت ہیں با چشمِ گریاں

گلہ بے وفائی کا ان سے ضیائی
جو رسم و رہِ عاشقی سے ہیں نالاں

غزل

ہیں اور تیرے غم کی تمنا لیے ہوئے — ذرہ ہے آفتاب کی دنیا لیے ہوئے
آنکھوں میں تو ہے جنتِ عارض بسی ہوئی — اور دل ہے ایک وحشتِ صحرا لیے ہوئے
کچھ تو ہو چارہ سازیٔ تشنہ لبی حضور — کیا سوچتے ہو ساغر و مینا لیے ہوئے
ہر چند بے توجہی تیری ہے جاں گداز — تیرے ستم کا پھر بھی ہوں سودا لیے ہوئے

کیا پوچھتے ہو ان کی تجلّی کی کیفیت! بجلی ہے ایک شعلۂ سینا لیے ہوئے
تم آئے آکے چل بھی دیے ٹھہریئے ذرا کب سے ہوں تیرا ذوقِ تماشا لیے ہوئے

ہیں سجدہ ریز در پہ ضیائی کے دیکھئے
صد آفتاب صبحِ تمنّا لیے ہوئے

کیا ہُوا؟

حیرت میں ہوں کہ دیدۂ گریاں کو کیا ہُوا خوں نابہ بارِ قلبِ پریشاں کو کیا ہُوا
بے کیف ہو رہی ہے مری شامِ زندگی اے صبحِ تو تجلّیٔ جاناں کو کیا ہُوا
میں پوچھتا ہوں ذوقِ تمنّا سے آپ کو اللہ! میری صبحِ درخشاں کو کیا ہُوا
پھرنے رہی ہے کروٹیں تشنہ لبی مری جام و سبو کو ساقیٔ رنداں کو کیا ہُوا
مدت ہوئی وہ گزرے تھے گلشن سے بے نقاب اس دن سے چشمِ نرگسِ حیراں کو کیا ہُوا
ان کے لبوں پہ رقص و تبسم ابھی نہیں گُل کو، کلی کو، غنچۂ خنداں کو کیا ہُوا
جلوے تو ابرِ زلف میں مستور تھے ابھی زہرہ پہ کیا بنی مہِ رخشاں کو کیا ہُوا

اب تو ضیائی بھرنے لگے زخمِ دل تمام
ان کی نگاہِ ناز کے پیکاں کو کیا ہُوا

غزل

وہ مجھ کو دیکھ کر جب مسکرائے — خوشی سے آنکھ میں آنسو بھر آئے
اجازت ہو تو دامن چوم لوں میں — پھر ایسا وقت آئے یا نہ آئے
نگاہِ نارسا کی کم نصیبی — وہ آئے بام پر لیکن نہ آئے
جلا کر خاک کر ڈالا ہے جس نے — وہی پھر آگ بھڑکانے کو آئے
ستارو! سر پہ سجدہ جھکاؤ — وہ دیکھو، ماہتابِ حسن آئے
سفینہ لگ گیا اپنا کنارے — بھنور میں تم ہی آخر کام آئے
غزل کے شہر میں دن بھر پھرا ہوں — نظر آئے نہ امیدوں کے سائے
بنامِ ساقیٔ نرگس نگاہے — بدہ جام و صہائے دلربائے

تڑپتے ہی ضیائی عمر گزری
مسیحا بھی نہ اپنے کام آئے

سلام بحضور آقا و مولا سیّد غلام جیلانی شاہ قادری

روح اللہ روحہ

؎ اے سیّدی غلام جیلاں بر تو صد سلام　　زِ ما حقیر و خستہ دلاں بر تو صد سلام
اے جانشینِ غوثِ جہاں بر تو صد سلام　　وجہِ قرارِ تشنہ لباں بر تو صد سلام
صد صد سلام آقا و مولا نورِ جاں　　دلبر، رفیق و ہادی و محبوبِ خستگاں
اے نورِ پاکِ مصطفوی بر تو صد سلام　　اے بابِ علمِ مرتضوی بر تو صد سلام
صدہا سلام قبلہ و کعبہ پیشوا　　اے غمگسار و ہادی و مہدی و مقتدا
اے دستگیرِ گمرہاں بر تو صد سلام　　مشکل کشائے بے کساں بر تو صد سلام
اے آفتابِ مطلعِ عرفانِ مصطفٰے　　جان و دلم فدائے تو اے جانِ مصطفٰے

از من ضیائی بسمل و خستہ و نیم جاں
بر آ سلام اے شہِ خوبی و عزّ و شاں

؎ یہ نظم ضیائی صاحب نے حضور کے دوسرے سالانہ عرس پر پڑھ کر سنائی

ترے بغیر[1]

جاں بھی گداز روح بھی فرسا ترے بغیر — سینے میں ایک حشر ہے برپا ترے بغیر
جینا بھی کوئی جینا ہے جینا ترے بغیر — کس کو بنائیں اپنا سہارا ترے بغیر
اس درجہ دل گداز ہے یہ داستانِ غم — سن نہ سکے گا کوئی بھی آقا ترے بغیر
تم کیا گئے کہ دنیا ہی اپنی بدل گئی — اب ہو گیا ہوں وقفِ تماشا ترے بغیر
یہ میکدہ ہے یا کوئی غم خانۂ حیات — اوندھے پڑے ہیں ساغر و مینا ترے بغیر
ڈر ہے کہ رازِ عشق نہ ہو جائے آشکار — کس درجہ سرگراں ہے یہ دنیا ترے بغیر
ہر نفس غم فزوں ہے ہر شے جنوں طراز — کیسے ملے سکونِ تمنا ترے بغیر
مدت سے میرے دیدہ و دل فرشِ راہ ہیں — اب آ بھی جاؤ کیا کروں اس جا ترے بغیر

پہنچو مدد کو اے شہِ گردوں رکاب جلد
شیرازۂ ضیائی ہے بکھرا ترے بغیر

---

[1] یہ نظم ضیائی صاحب نے سید غلام جیلانی شاہ کے چہلم پر پڑھی تھی۔

غزل

تصور میں اک شمع ایسی جلا لی　　　　کہ حسنِ ازل نے بھی جس سے جلا لی

جنونِ خیزئی جذبِ الفت نہ پوچھو　　　　بس اک آن میں دل کی دنیا بسا لی

چلے آرہے ہیں کوئی چاک داماں　　　　دکانِ محبت ہے کس نے سجا لی؟

ترے غم کو ایسے چھپا کر ہے رکھا　　　　کہ آغوش میں جیسے جنت بسا لی

تری میکدہ ساز آنکھوں کے صدقے　　　　یہ نرگس نے مستی کہاں سے چرا لی

اے رخشندہ تارو! تم ہی کچھ بتاؤ　　　　بھلا ماہِ کامل نے کس سے ضیا لی

وہ خورشید چمکا وہ مہتاب نکلا　　　　بس اب قلبِ مضطر کا اللہ والی

ترے حسن اشعار ہی سے ضیائیؔ

ملی ہے بہاروں کو رنگت نرالی

ساقی

تری محبت کی تلخیوں سے ہے گرچہ سینہ فگار ساقی

مگر تمنا ہے تیغِ ابرو رہے یونہی دل سے پار ساقی

ہزار مشکل سے میں نے پائی ہے دولت سوز، شوکت غم

نکل نہ جائیں یہ میرے ارماں رہو یونہی سازگار ساقی

نہ جانے کیوں اضطراب اتنا ہے جام و مینا کی گردشوں میں
ابھی تو ہوش و خرد سے عاری ہیں سب کے سب بادہ خوار ساقی

ابھی نسیمِ سحر ہے ساکت، تمام گلشن ہے محوِ حیرت
یہ کیوں عنادل ہیں شاخساروں پہ اس قدر بے قرار ساقی

ہزار طوفاں چھپے ہوئے ہیں ابھی زمانے کی کروٹوں میں
لیے ہیں دامن میں لاکھ برقِ تپاں یہ ابرِ بہار ساقی

سنا ہے قدسیوں سے میں نے کہ دورِ مینا و جام گذرا
فضائے عالم پہ چھا رہا ہے غبارِ یزداں شکار ساقی

اگرچہ پہرے ہیں میکدوں پر زباں پہ بندش ہے میکشوں کی
مگر تعجب ہے پھر بھی کوئی ہے محوِ گفتارِ یار ساقی

کسی کے رخ سے نقاب سرکا گری ہے لو دل پہ ایک بجلی
ذرا خدارا مجھے سنبھالو ہوا ہوں میں بے قرار ساقی

کسی کی چشمِ کرم کا صدقہ بہ قیدِ ہستی ہو تم ضیائی
وگرنہ ہر چند روح فرسا تھا جلوۂ شعلہ بار ساقی

قطعات

مثالِ نرگسِ بیمار ہوں میں شرابِ نور سے سرشار ہوں میں
ذرا آغوش میں آ سوز و مستی کہ بیداری سے اب بیزار ہوں میں

★

بیا اے آرزوئے دلفگارم بیا اے خوبرئے دل شکارم
گرفتارِ طلسمِ غمزۂ تو بیا تا جان و دل بر تو فشارم

غزل

جلووں کی نوازش کیا کہئے ہم سر کو جھکانا بھول گئے
اور محوِ تماشا ایسے ہوئے پھر ہوش میں آنا بھول گئے

تاثیر ان مست نگاہوں کی میخانہ بدوش فضائیں ہیں
گردش میں زمانہ دیکھ کے سب ہم اپنا فسانہ بھول گئے

سچ کہنا فلکیو عرشیو تم نرگس کی طرح حیراں کیوں ہو
تم کس کے جلووں میں کھو کر پھر عرش پہ جانا بھول گئے

مَا زَاغ کا سرمہ آنکھوں میں وَالَّیل سی زلفیں شانوں پر

ہم دیکھ کے شعلۂ نورِ ہدیٰ سب طوری فسانہ بھول گئے

اس حسن کا پرتو کیا کہئے قربان ہو جس پر حسنِ ازل
حیرانی میں طائر سدرہ بھی پیغام سنانا بھول گئے

یہ رنگِ مسیحائی کیسا جو دیکھے وہ بسمل ہو جائے
اے میرے مسیحا راز ہے کیا اب مُردے جلانا بھول گئے

سب تیری ضیا سے روشن ہیں موقوف ضیائی پر ہی کیا
صد شکر! کہ اس کے عصیاں سے تم پردے اٹھانا بھول گئے

غزل

کسی کے ایک شعر سے متاثر ہو کر

یہ خوش بیانی، یہ طرزِ کلام کیا کہنا
یہ صبح و شام کا یوں التزام کیا کہنا

شرابِ نور سے مخمور و باخبر رہنا
جنابِ رند! یہ تیرا اہتمام کیا کہنا

تری نگاہ کی مستی میں ہے غضب کا خمار
یہ جامِ کیف یہ حسنِ کلام کیا کہنا

قدم قدم یہ نچھاور بہارِ حسنِ ازل
جمالِ یار کا یوں اہتمام کیا کہنا

تم آئے بن کے شبستانِ آرزو میں چراغ
شبِ فراق کے ماہِ تمام کیا کہنا

تصورات کی راتیں، تخیلات کے دن
خیالِ یار کے رنگیں نظام کیا کہنا

خرابِ عشق کے سب میکدے ہوئے آباد
نگاہِ یار ترا فیضِ عام کیا کہنا

ملی پناہ ضیائیؔ کو تیرے دامن میں
خدائے حسن ہاشمِ احتشام کیا کہنا

بنتِ اسلام کے نام

میاں مجبورؔ سے معذرت کے ساتھ

اے تو! ہے اخلاق کے پھولوں کا خزانہ
دنیا بڑی پُرپیچ ہے نازک ہے زمانہ

سورج کی کرن تیرے تقدس پہ ہے شاہد
کلیوں کی زباں پر تیری عصمت کا فسانہ

دریائے پرآشوب ہو منجدھار میں کشتی
مشکل ہے بہت چھینٹوں سے دامن کو بچانا

نغمہ بھر انداز ہے برہم کن جذبات
بربط کی صدا ہو کہ پپیہے کا ترانہ

تہذیب گناہوں کے دوراہے پہ کھڑی ہے
تعلیم فقط کر ہے اصلاح بہانہ

کاغذ کے ہیں یہ پھول نہ خوشبو نہ طراوت
افرنگ کی تہذیب کے دھوکے میں نہ آنا

اُٹھتے ہیں تری سمت بھڑکتے ہوئے شعلے
شعلوں سے ذرا دامنِ تقدیس بچانا

اسلام کو اب تک ترے کردار پہ ہے ناز
جذبات کو اخلاق کا پابند بنانا

ایک مردِ قلندر کے حضور میں

اے مردِ قلندر تری گفتار کے صدقے　　　تخلیقِ خودی، نطقِ گہربار کے صدقے

پیدا ترے اشعار سے دریائے فصاحت　　　حاضر ترے دربار میں لیلائے بلاغت

اے واقفِ اسرارِ خودی سرِ نہانی　　　آئینۂ قدرت ہے ترا حسنِ معانی

نظروں میں تری فطرتِ انساں کے ہیں جوہر　　　قربان تخیل پہ ترے فکر کے گوہر

آنکھوں میں تری عشق کی تنویر نمایاں　　　اور لب پہ ترے نعرۂ تکبیر ہے رقصاں

میں تجھ کو شہِ عزم کہوں قائدِ ملت　　　یا کشورِ مزدور میں مزدور کی دولت

نرگس نے تجھے دیدۂ میخوار سے دیکھا　　　شبنم نے تجھے چشمِ گہربار سے دیکھا

لاریب ہے تو صاحبِ اعجازِ بیانی　　　جھکتے ہیں ترے در پہ سلاطینِ معانی

جب تجھ پہ کھلے خلقتِ انساں کے معانی　　　پیدا ہوئی افکار کے دریا میں روانی

جو فیض تمہیں مرشدِ رومی سے ملا ہے　　　لاریب تری صدقِ طلب کا ہی صلہ ہے

اس فیض کے انوار سے روشن ہے زمانہ　　　روپوش ہے تو زندہ مگر تیرا ترانہ

اعجاز ترا ذکرِ مجسم ہے ضیائی!

اے بندۂ مومن! تو کجائی تو کجائی؟

میخانہ بنا دے

گلشن پہ نظر ڈال کے میخانہ بنا دے — ہر پھول چھلکتا ہوا پیمانہ بنا دے
محبوب یگانہ! نگہِ لطف ادھر بھی — ناچیز کو ہر چیز سے بیگانہ بنا دے
اے یار! مرے آئینۂ دل میں اتر کر — سجدہ گہِ کعبہ کو صنم خانہ بنا دے
جو پھونک کے رکھ دے مرے ایوانِ خودی کو — اس شمعِ دل افروز کا پروانہ بنا دے
جبریلؑ کو جو عشق کی معراج مبارک — دیوانہ بنا دے مجھے دیوانہ بنا دے
کچھ تو دلِ شوریدہ کو ہو وجہ تسلی — آبادیٔ کونین کو ویرانہ بنا دے
خوبانِ جہاں کا جو وظیفہ رہے دائم — یارب مری ہستی کو وہ افسانہ بنا دے
رندوں پہ کرم کرکے جو فردوس ہے بخشا — صدقے ترے کوثر کو بھی میخانہ بنا دے

ہستی کو مٹا کر بھی ضیائی نہ مٹے حیف
خاک اس کی غبارِ رہِ میخانہ بنا دے

حادثات

چلی ہیں زمانے میں ویسی ہوائیں — تہی زندگی سے ہوئی سب فضائیں
ہیں دست و گریباں محبت کے ناتے — محبت کا مرقد ہیں ان کی ادائیں

نہ اترا تو اس عالمِ رنگ و بو پر — تقدس سے خالی ہیں زریں قبائیں
دما دم رواں کارواں زندگی کا — چڑھا دل کے نغمے الفت سنائیں
اگر ذوق ہو میکشی کا دلوں میں — چلو پھر کہیں سے اُسے ڈھونڈ لائیں
اگر عشقِ احمدؐ ہو دل میں ہویدا — تو پھر بحر و بر تیرے دامن میں آئیں

ضیائی جو کشتہ ہے سوزِ دروں کا
کریں کیا اثر اس پہ رنگیں نوائیں

غزل

وہ کہے دنیا میں کوئی دنیا جداگانہ بنا — ہر کلی مینا بنا غنچے کو پیمانہ بنا
میں ترے صدقے خیالِ یار تجھ پہ آفریں — تو نے ہر خوشے میں دکھلایا ہے میخانہ بنا
ایسی پی ہیں تے کہ بیخود ہو گئے سارے رقیب — فیضِ صحبت سے مرے مجنوں بھی فرزانہ بنا
طائرِ سدرہ مری پرواز پر حیران ہے — عرشِ اعظم سے بھی اوپر اپنا کاشانہ بنا
کون کہتا ہے جنوں میں چاک ہو جاتے ہیں دل — ہاں ذرا کچھ اور مجھ کو مست و دیوانہ بنا
اے ضیائے نور ہے تاریک تر بزمِ خیال — پھر مرے دل کو منورِ صاحبِ خانہ بنا
دو نشیلی آنکھ والے دیکھ کے منہ پھیر کر — تیری فرقت میں مرا گھر ایک ویرانہ بنا
وائے قسمت کس قدر بے اعتنا ہیں ان سے وہ — جن کی فرقت میں ضیائی مست و دیوانہ بنا

فکر و عمل

عمل کا نام ہے پیہم ضیائے مستقبل
الٹ دے پردۂ تقدیر سوچتا کیا ہے

فسونِ عشق کی مستی کو پھونک دے ناداں
متاعِ ذوق بتا جز عمل بھلا کیا ہے

امید و بیم کی دنیا جہانِ ستم آرا
عمل کے جذبۂ سرگرم کے سوا کیا ہے

حوادثاتِ زمانہ بتا چلے تجھ کو
بغیر جوششِ عمل کے یہاں دھرا کیا ہے

نظر کو پست نہ کر اور خودی کو کر بیدار
چمن میں جا کے ذرا دیکھ ماجرا کیا ہے

خدا جمود کی ہرگز مدد نہیں کرتا
ترے لبوں پہ یہ ہنگامۂ دعا کیا ہے

کہاں کا زہد فلاحوں کی پارسائی کیسی
تجھے خبر ہے کہ فطرت کا مقتضا کیا ہے

تو خاکِ ہیچ کے ذروں کو آفتاب بنا
فلک کے چاند ستاروں کو دیکھتا کیا ہے

ذرا محیطِ عمل میں تو غوطہ زن ہو جا
کنارِ آبِ تمنا پہ تیرتا کیا ہے

کہیں خیال سے پیدا ضیائی طوفاں ہیں
ذرا تو سوچ کہ ارشادِ ناخدا کیا ہے

کیفیات

کیسا ساغر پلا دیا ساقی　　مست دبے خود بنا دیا ساقی
زندگی اک نئی ملی مجھ کو　　جب سے تو نے جلا دیا ساقی
دل سے وہم و گمان کثرت کو　　تو نے یکسر مٹا دیا ساقی
دیکھا قطرے میں میں نے دریا کو　　ذرہ سورج بنا دیا ساقی
گیسوئے تابدارِ جاناں نے　　جان و دل کو پھنسا لیا ساقی
کیا کہوں میں نے ان کو کیا دیکھا　　تم ہی بن جاؤ رہنما ساقی
تیری ہر روز کی نوازش نے　　مجھ کو مے کش بنا دیا ساقی

صدقے جاؤں ضیائی ساقی پہ
جس نے ساقی بنا دیا ساقی

نورِ مجسم آ گیا

صبح دم جب سامنے نورِ مجسم آ گیا　　فرطِ الفت سے مری آنکھوں میں قلزم آ گیا
مسکرانے کو ابھی کلیوں نے لب کھولے ہی تھے　　چشمِ گل میں کیا خبر کیوں اشکِ شبنم آ گیا
خونِ دل کا چشمِ میگوں نے بدل ڈالا مزاج　　آگ پانی میں لگا دینے کا موسم آ گیا

کر دیا انسان کو جس نے فرشتوں سے بلند — افتخارِ ہر دو عالم فخرِ آدم آ گیا
ساقیِ بطحا کی چشمِ مست کا اعجاز دیکھ — بادۂ گلگوں بہ رنگِ آبِ زمزم آ گیا
جس کی بعثت کی دعا مانگی خلیل اللہ نے — ہاں وہ منشائے نویدِ ابنِ مریم آ گیا
جس نے دھو ڈالے دلوں سے سب غبارِ رنج و غم — وہ مسیحائے زماں، وہ فخرِ عالم آ گیا
جب سنی بیمارِ غم نے ان کے آنے کی خبر — رخ پہ رونق آ گئی اور آنکھ میں دم آ گیا
جب ضیائی پر نگاہِ ساقیِ کوثر ہوئی
ایک دم میں اس کے آگے ساغرِ جم آ گیا

غزل

حجابوں کے پردے اٹھا دیجئے گا! — مجھے اپنا جلوہ دکھا دیجئے گا
مٹا کر مرے دل سے دوئی کی کدورت! — بس اپنا ہی نقشہ جما دیجئے گا
میں حیران و ششدر ہوں پھرتا جہاں میں — مری بات بگڑی بنا دیجئے گا
ہمیں جب نہ ہوں گے تو کیا رنگِ محفل — بلا سے کسی کو بلا لیجئے گا
مقدر ہو گر اپنا مرہونِ وحشت — کسی کا مگر کیوں لگا لیجئے گا
ذرا چھیڑ سازِ خودی کو ضیائی
مرا بختِ خفتہ جگا دیجئے گا

غزل

عشق گریاں ہے عید کے دن بھی
سینہ بریاں ہے عید کے دن بھی

آنکھ روتی ہے خوں رُلاتی ہے
زہر خنداں ہے عید کے دن بھی

حسنِ محبوب، شامِ غم کی نوید
پُر وہ ساماں ہے عید کے دن بھی

آنکھ محوِ جمالِ یار تو ہے!
دل کیوں حیراں ہے عید کے دن بھی

ایک معصوم و دلفریب سا ایک
تیرا احساں ہے عید کے دن بھی

تو جو آئے نصیب جاگ اٹھیں
کیوں گریزاں ہے عید کے دن بھی

اک نظر ہی ادھر خدا را ہو
خونِ ارماں ہے عید کے دن بھی

ہائے قسمت ضیائی دیوانہ
چاک داماں ہے عید کے دن بھی

نذرِ عقیدت

حضورِ غوث الثقلینؒ میں

رخِ پُر نورِ جیلانی کے صدقے
جنابِ غوثِ صمدانی کے صدقے

ہے قرباں تیرے قدموں پر زمانہ
میں تیری شانِ لاثانی کے صدقے

تخیل کی حدوں سے دور منزل — تیری پروازِ سدرانی کے صدقے
تفوق جس کو شیروں پر ہے حاصل — سگِ درگاہِ سبحانی کے صدقے
سلاطینِ زماں ہیں دست بستہ — جلالِ شاہِ جیلانی کے صدقے
مریدی لاتخف فرما رہے ہو — میں اس فرمانِ لافانی کے صدقے
ترے قربان خیال روئے انور — میں محی الدین جیلانی کے صدقے
تصدق تجھ پہ ظلِ کبریائی — سراپا نورِ عرفانی کے صدقے
جنابِ مصطفیٰ کے لاڈلے ہو — میں نورِ پاک رحمانی کے صدقے

سیاہ رو کو ضیائی کرنے والے
میں تیری شانِ نورانی کے صدقے

کریں ذکرِ محمدؐ کہ محفل شاد ہو جائے

کہیں عرشِ معلّے پر ہماری یاد ہو جائے

مخفقہ

ذکرِ مُعجزاتِ رسول صلے اللہ علیہ وسلم

حصّہ پنجابی

دوہڑیئے

لہ نبیؐ پاک دا نور جو ہندا تاں توں اک پردہ راز دے وچ ہے سی
طالب اتے مطلوب دی گل ساری ناز اتے نیاز دے وچ ہے سی
جیہڑا خود نماز دا آپ مالک تدوں آپ نماز دے وچ ہے سی
کیف عاشق معشوق دا اک جیہا اجے سوز گداز دے وچ ہے سی

آپے خالق تے آپے اوہ عاشق ہویا اُس راز نوں کوئی نا نہہ پا سکے
شاہکار تصویر دی صورت اکثر بار بار مصوّر خود آپ تکے
ظاہر کرے ظہور کمال دا پھر تے چھپا نہ کسے توں پھیر رکھے
شاہکار نوں آپ کمال والا نہ ہی دیکھ دا نہ دکھاوندا تھکے

